قرآنی نظام ربوبیت کا پیامبر

# ہفتہ وار طلوع اسلام کراچی

جلد نمبر ۸
شمارہ ۲۱

کراچی : ہفتہ ۔ ۱۲ نومبر ۱۹۵۵ء

قیمت چھ آنہ
سالانہ پندرہ روپے

## طلوع اسلام کا مسلک اور مقصد

**ہمارا مسلک یہ ہے کہ ..............**

۱ تنہا انسانی عقل زندگی کے مسائل حل کرنے کے لئے کافی نہیں۔ عقل انسانی کو وحی کی راہنمائی کی اسی طرح ضرورت ہے جس طرح آنکھ کو سورج کی روشنی کی۔

۲ یہ وحی اپنی آخری اور مکمل شکل میں قرآن کریم میں محفوظ ہے۔ اس لئے نوع انسانی اب قرآن کے بغیر اپنی منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکتی۔

۳ حق و باطل کا معیار قرآن ہے۔ ہر بات جو قرآن کے خلاف ہو گی خواہ وہ کسی کی طرف منسوب ہو غلط ہے۔

۴ حضور نبی اکرم انسانیت کے بلند ترین مقام پر فائز تھے لیکن کسی سازش نے ہماری تاریخ میں ایسی چیزیں شامل کر دی ہیں جن سے حضور کی سیرت داغدار ہو کر سامنے آتی ہے۔ ہماری تاریخ کا یہ حصہ خواہ وہ کسی کتاب میں ہو، یکسر غلط اور وضعی ہے۔ حضور کی سیرت کا مکمل اور مستند ماخذ قرآن کریم ہے۔

۵ قرآن کی رو سے دنیا میں بسنے والے تمام انسان ایک عالمگیر برادری کے افراد ہیں۔ اس برادری کے قیام کی عملی شکل یہ ہے کہ تمام دنیا ایک نظام کے مطابق زندگی بسر کرے۔

۶ اس عالمگیر نظام زندگی کی تشکیل کی صورت یہ ہے کہ ہر زمانے کے انسان اپنے زمانے کے تقاضوں کے مطابق قرآن کے غیر متبدل اصولوں کی روشنی میں باہمی مشاورت سے جزئی قوانین خود مرتب کریں (انہیں قانون شریعت کہا جاتا ہے) یہ جزئی قوانین حالات کی تبدیلی سے بدلتے رہیں گے لیکن قرآن کے اصول ہمیشہ غیر متبدل رہیں گے۔

۷ اس نظام کی رو سے قرآن ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کرتا ہے جس میں تمام افراد کی مضمر صلاحیتوں کی کامل نشوونما ہو جاتی ہے اور کوئی فرد معاشرہ اپنی ضروریات زندگی سے محروم نہیں رہتا۔ اسے ربوبیت عامہ یعنی تمام نوع انسانی کی پرورش سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

۸ ربوبیت عامہ کے مقصد عظیم کے حصول کے لئے قرآن کی رو سے ضروری ہے کہ رزق کے سرچشمے افراد کی ملکیت کے بجائے معاشرے کی تحویل میں رہیں تاکہ رزق کی تقسیم ہر ایک کی ضرورت کے لحاظ سے ہو سکے اور اس طرح کوئی انسان دوسرے انسان کا محتاج نہ رہے۔ اسے قرآنی نظام ربوبیت کہا جاتا ہے۔

**ہمارا مقصد یہ ہے کہ ..............**

پہلے پاکستان میں اور اس کے بعد ساری دنیا میں اس قرآنی نظام ربوبیت کا نفاذ ہو جائے جس میں صفات خداوندی کی روشنی میں ہر انسان کو اپنی پوشیدہ صلاحیتوں کی کامل نشوونما کا موقع ملے اور اس طرح "زمین اپنے پرورش دینے والے کے نور سے جگمگا اٹھے۔"

**اگر آپ طلوع اسلام کے اس مسلک اور مقصد سے متفق ہیں تو اس پیغام کو عام کرنے میں طلوع اسلام کا ساتھ دیجئے**

## قرآن نے کیا کہا؟

جس جنتی معاشرہ کا تذکرہ گزشتہ اقساط میں سامنے آچکا ہے اس کا قیام انسان کا مقصود زندگی ہے ۔ ظاہر ہے کہ یہ کام کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ افراد کی جماعت کا ہے ۔ یہ جماعت ایسے افراد پر مشتمل ہونی چاہئے جو اس حقیقت پر یقین رکھیں کہ مقصد زندگی اس قسم کے معاشرے کا قیام ہے ۔ اس میں شبہ نہیں کہ جب اس قسم کا معاشرہ قائم ہوجائے تو اس کے جیتے جاگتے نتائج اس کی صداقت کی زندہ شہادت بن جاتے ہیں اور لوگ ان نتائج کو دیکھ کر خود بخود اس کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں ۔ لیکن جب یہ معاشرہ موجود نہ ہو تو اس کے قیام کے لئے صرف وہی لوگ کوشش کر سکتے ہیں جو اس معاشرہ کے ان دیکھے نتائج پر پورا پورا یقین رکھیں ۔ اسی کا نام ایمان بالغیب ہے ۔ یعنی ان دیکھے نتائج پر یقین ۔ جب تک اس قسم کے افراد پیدا نہیں ہوتے یہ معاشرہ وجود میں نہیں آسکتا ۔ ہوسکتا ہے کہ یہ معاشرہ ان لوگوں کی زندگی ہی میں قائم ہوجائے لیکن یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ان کی تمام عمر جد و جہد اور مصائب و تکالیف میں گزر جائے اور یہ معاشرہ ان کے بعد جا کر قائم ہو ۔ لہٰذا ان لوگوں کو اس کا بھی خیال نہیں ہونا چاہئے کہ یہ معاشرہ ان کی زندگی میں قائم ہوجائیگا یا نہیں ۔ ان کا کام کوشش کرتے جانا ہوگا ۔ یہی وہ لوگ ہیں جو السابقون الاولون کہلاتے ہیں اور جن کے مراتب بہت بلند ہیں ۔ لہٰذا سب سے پہلا کام ان افراد کا پیدا ہونا اور ان کا ہم آہنگی اور یک نگہی سے ملکر اس مقصد کے حصول کے لئے کوشش کرنا ہے ۔ یہ جماعت قرآنی نظام کا اولین خمیر بنتی ہے جس کے بغیر تعمیری کام نہیں ہوسکتا ۔

## اس شمارے میں

★ ذبح ابناء ★ بربمی کا قضیہ ★ علاقائی زبانیں ★ دیہی امداد ★ عالم اسلامی
★ بین الاقوامی جائزہ ★ تاریخی شواھد ★ اسلام کی سرگزشت ★ زندہ قوموں کے مقدرات کے ستارے ★ مجلس اقبال
★ آغاز نزول وحی اور ورقہ بن نوفل ★ باب المراسلات

As. -/6/-

# The Book that Iqbal planned to write

*Reproduced below are the hints which Allama Iqbal noted in his own hand for writing his book contemplated to be an "Introduction to the Study of Islam". An Urdu translation of the synopsis appeared in Tolue-Islam of 22nd October 1955. The original English is now published in compliance with the persistent demand of readers.*

A. It is necessary to study Islam.

(i) It has power and vitality.

At times it has shown its power of getting rid of accretions. New movements. I pin no faith on them but they indicate confusion and inner unrest.

(ii) Islam and modern world and British Empire.

B. Islam and Empire.

The effect of Arab Empire on Islam.

They destroyed Rome and Persia and built another Imperialism. Causes of Empire building.

(i) Religious zeal burning ardour to regenerate mankind.

(ii) Hunger.

Whatever may be the causes the effect was not good. Empire brought men belonging to earlier ascetic cultures which Spengler describes as Magian within the fold of Islam. The result was the conversion of Islam to a pre-Islamic creed with all the philosophical controversies of these creeds (Ruh, Nafs Quran, Hadis and Qadim etc.) Real Islam had very little chance.

C. Difficulties of modern student of Islam.

He must wade through a tremendous literature and read the Quran. I have done so and try to give you what I honestly believe to be real Islam.

D. What is Islam?

Is it religion? Etymology of religion. Cf. Din as used in the Quran. Obedience to the Law (read 5 : 18 Quran). Characteristics of early Asiatic religion.

(i) Revelation in early religion—a mystic process. Islam laid the foundations of understanding it scientifically—Quran, Ibn Khaldun. Sufism.

(ii) Salvation (Najat).

(iii) Wholly unwordliness (la ruhbania) caves, catacombes Cf. Christianity and Islam (Wallah-o-yukhrijokum minazzulmati ilannur).

JESUS—SAINT.

(iv) Fear of the invisible (la khaufun alehim wala hum yahzanun)

(v) Some secret teaching of Spengler Vol. II page 246 Read also Matiman Vol. I.

(vi) Belief in the unreality of the world and time. (Inamanma khalqta haza batila. Hal ata al-al-insani.......)

(vii) Fatalism.

(viii) Theocracy.

Islam was a protest against all pre-Islamic religions in the world as it was found at the time Islam appeared.

The world is real. Time is real.

No more prophets (Expected one).

No freedom from limitation. No mediation. No Qismat (fatalism). Is Islam a Theocracy?

Relation of Church and State.

What is State? A contract like marriage.

E. But Islam is much more than religion. Peace—internal and external (Cf. 5. 18).

(i) It is deracialisation of man (external peace).

(ii) It aims at economic equality (internal security).

F. This lecture to close.

Two closing observations :—

(i) The message of Islam.

(ii) Islam is not the foe or even rival of Christianity. In the work of civilisation it is co-worker.

Second Lecture : The Law of Islam.

See book of Dickinson "After Two Thousand Years". In Magian culture 'revelation' a mystical process. In Islamic 'sufism' this mystical process understood scientifically.

Is it morality touched with emotion?

A. Religion. Is it belief in a God or gods with some kind of worship? in cases, monasticism

(i) Is it wholly other-worldliness (La ruhbania fil Islam)

(ii) Is it fear of the invisible (La khaufun alehim wa la hum yahzanun).

(iii) Is it intimacy with the supersensible? Partly yes, but the supersensible opened to be approached in a scientific spirit—Ibn khaldun, idea of finality.

(iv) Is it some secret teaching to be handed orally (mystery?)

All early magian religions—with (Spengler P. 246 Vol. II Islam No: II (Qad baiyyannur-rushdo min-al ghai-)

(v) Religion—origin of the word. Mazhab not used in the Quran. Words in the Quran. Din, Minhaj, Millat. What is the meaning of Millat and Din.

(vi) Matiman Vol. I.

B. Islam—a protest against all religions in the old sense of the word.

(i) Abolition of prophethood, Islam and Time. (Hal Ata).

(ii) The idea of salvation in Islam. Is it a salvation-religion. Najat is used only once in the Quran. What is Najat.

(iii) No secret teaching.

(iv) Belief in God (Ghaib) deracialisation of mankind and Economic equality (Qul-al-afu)

C. Church and State?

In Islam—is community a juristic person?

Is Islamic State a juristic person?

Relation of Church and State.

What is State? Like marriage a contract.

The Amir is the Sheikh-ul-Islam, etc.

Hereditary monarchy. History of Islam priesthood.

Karbala? Effect of it.

D. Islam and the Woman.

E. Islam and Capitalism.

II. To the Magian culture Revelation is a mystical process in which some spirit enters the body of a person who speaks it. In Islam 'wahy' (quote verses) is universal property of life which a man comes into contact with the ultimate, springs of life. It manifests itself in three ways. It is abolished as a source of knowledge. In Islam contemplation spreads into thought and action. It realises the world in which old conceptions of race, community and creed dwindle into nothing. It is light : (Allah-o-nurussamawati wal arz).

It - the world from - to the open daylight (Wallah-o- yukhrijokum minazzulomate ilannur).

III. The word salvation (Najat) :

What is Najat? Liberation from what? not from the limitation of individuality (Wa jenakum farada). Not liberation from the tension of consciousness. It is relief of Ego in the Universe. The conception of God (Comrade): Arrafiq-ul-ala).

(a) Sleep liberates (la takhuzu hu sinatan wa la naum).

(b) Wine liberates and breaks the vigour of consciousness.

(c) Dancing also liberates (Amaroo bil afw wa karama).

All these means of escape from space and time are discouraged. You should overcome space and time (Ala sultan...) by i.e. mastering actuality by understanding (Taffakkar-o-fil khalq-was-sammawat).

Fear of the visible actuality i.e. space and time is removed when we begin to understand things as casual relations (la khaufunalehim wala hum yahzanun). Fear overcome not by charms but by knowledge of world as nature actuality formula.

(d) Knowledge of world as movement:—

History-Sufism.

(iii) Imam, Security.

Reform movements in Islam

Ibn Tamiyya.

| | | |
|---|---|---|
| Abdul Wahab<br>Babi | prophecies | All more or less Magian. |
| Ahmadyya<br>Syed Ahmad - rationalism | | |

The new movement.

The coming of the Expected one.

(i) No return.

(ii) Traditions (Bokhari)

قرآنی نظامِ ربوبیت کا پیامبر

ہفت روزہ

طلوعِ اسلام

جلد ۸ | ہفتہ — ۱۲ نومبر ۱۹۵۵ء | نمبر ۴۱

# ذبحِ ابناء

جو قومیں اپنی جد و جہد اور قوتِ بازو سے آزادی حاصل کرتی ہیں ان کی کیفیت یہ ہوتی ہے کہ قوم میں پہلے قلب و دماغ کی تبدیلی پیدا ہوتی ہے اور حصولِ آزادی کے لئے جو جد و جہد کی جاتی ہے وہ اسی اندرونی تبدیلی کی خارجی مظہر ہوتی ہے۔ بالفاظِ دیگر، وہ اپنی قلب و نگاہ کی تبدیلی سے پہلے اپنے آپ کو آزادی کا اہل ثابت کر دیتی ہیں اور اس کے بعد آزادی حاصل کرتی ہیں: نتیجہ اس کا یہ ہوتا ہے کہ جب انہیں آزادی ملتی ہے تو وہ اس متاعِ عظیم کو نہایت عمدگی سے سنبھالتی ہیں۔ اور چونکہ ان کی آنے والی نسل انہی کی پس رو ہوتی ہے۔ اس لئے وہ بھی اس گرانقدر متاع کی نہایت حسن و خوبی سے وارث بنتی ہیں اور اس طرح یہ سلسلہ متوارث آگے بڑھتا چلا جاتا ہے۔

لیکن جس انداز سے ہم اہلِ پاکستان کو آزادی حاصل ہوئی ہے وہ اس کلیہ میں استثنائی کیفیت رکھتا ہے۔ حتیٰ کہ تاریخ میں بھی اس کی مثال کہیں ملتی ہے تو بنی اسرائیل کے اس مرحلۂ زندگی میں ملتی ہے۔ جب انہیں حضرت موسیٰؑ فرعونی استبداد سے نجات دلا کر سینا کی آزاد فضاؤں میں لے گئے تھے۔ بنی اسرائیل نے یہ آزادی اپنی جد و جہد سے حاصل نہیں کی تھی۔ انہیں فرعونی استبداد سے نجات بطور موہبت مل گئی تھی اور اس کا مقصد یہ تھا کہ انہیں ایک موقع دے دیا جائے جس سے وہ اپنے اندر آزادی کی صحیح صلاحیت پیدا کر لیں۔ بنی اسرائیل کی داستان (جیسا کہ توریت اور قرآن میں بیان ہوا ہے) یہ بتاتی ہے کہ اس قوم کی جو نسل جسے مصر سے نکال کر سینا کی آزاد فضاؤں میں لایا گیا تھا اپنے اندر آزادی کے استحقاق کی صلاحیت پیدا نہ کر سکی۔ یہی نہیں کہ وہ اپنے اندر اس استعداد کو پیدا نہ کر سکی بلکہ اس استعداد کو پیدا کرنے کی جتنی کوششیں کی گئیں انہوں نے ان کی سخت مخالفت کی اور قدم قدم پر حضرت موسیٰؑ سے شکوہ سنج رہی کہ "تو ہمیں مصر کی پر امن زندگی سے نکال کر ان مصیبتوں میں کیوں کھینچ لایا ہے؟" نتیجہ اس کا یہ ہوا کہ یہ قوم چالیس برس تک اس سرزمین کی حکومت سے محروم رہی جسے ربِ قرآن کے الفاظ میں، ان کے نام پر لکھ دیا گیا تھا۔ یہ نسل چالیس سال تک سینا کے میدانوں میں ماری ماری پھرتی رہی۔ اس طرح جب ان کا خاتمہ ہوا تو وہ نئی نسل ابھری جس کی تربیت اس آزاد فضا میں خاص طور پر کی گئی تھی۔ یہ نئی نسل اٹھی اور اس نے اپنے آپ کو آزادی کا صحیح مستحق ثابت کر دیا۔ چنانچہ شوکت و حشمت اور قوت و دولت سب ان کے پاؤں چومنے لگیں۔ بنی اسرائیل کی اس داستان سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ جن قوموں کو اس طرح آزادی حاصل ہو ان کے کرنے کا سب سے پہلا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنی آنے والی نسلوں کی تعلیم و تربیت اس انداز سے کریں جس سے وہ آزادی کی متاعِ گراں کو سنبھالنے کے قابل ہو سکیں۔

جیسا کہ ہم نے اوپر لکھا ہے، ہم اہلِ پاکستان کو بھی آزادی اسی طرح ملی ہے جس طرح بنی اسرائیل کو ملی تھی۔ لہٰذا ہمارے لئے کرنے کا کام یہ تھا کہ ہم اپنی آنے والی نسل کی تعلیم و تربیت اس انداز سے کرتے جس سے ان کے قلب و نگاہ میں وہ تبدیلی پیدا ہو جاتی جو ایک آزاد قوم کی بنیادی خصوصیت ہوتی ہے۔ لیکن سوچئے کہ ہم نے اس آٹھ سال کے عرصہ میں اس ضمن میں کیا کیا؟ بچوں کی تعلیم کے مراکز اسکول اور کالجیں ہوتے ہیں۔ اس سلسلہ میں پاکستان کے باقی حصوں کو چھوڑیئے اور خود کراچی کو لیجئے جو اس مملکت کا دار السلطنت ہے۔ اس شہر میں اب بھی اگر کچھ ایسے اسکول ہیں جن کی شہرت قائم اور جن میں بڑے بڑے لوگ اپنے بچوں کو بھیجتے ہیں تو وہ وہی تین چار اسکول ہیں جنہیں تشکیلِ پاکستان سے پہلے عیسائی مشنریوں نے قائم کیا تھا۔ اس زمانے میں ایک تو اس شہر کی آبادی بہت کم تھی دوسرے سندھی ہندوؤں نے اپنے بچوں کی تعلیم کیلئے اپنے اسکول کھول رکھے تھے۔ اب تبدیلیٔ حالات سے صورت یہ ہو چکی ہے کہ ان اسکولوں میں داخلہ کے لئے بچوں کو دو دو تین تین سال تک انتظار کی فہرست (WATING LIST) پر رہنا پڑتا ہے جس خوش قسمت بچے کا داخلہ ہو جاتا ہے، ابتدائی (کھیلنے کی) کلاس ہی سے اس کے اخراجات اتنے ہوتے ہیں کہ اوسط درجہ کی آمدنی والے لوگ انہیں برداشت ہی نہیں کر سکتے۔ نرسری کلاس میں بیس بیس روپیہ فیس اور اس کے علاوہ بیسیوں قسم کے اور اخراجات۔ علاوہ بریں ہر بچے کے لئے ٹیوشن قریب قریب لازمی ہوتی ہے۔ اور ٹیوشن کا یہ عالم ہے کہ بچے اور بچیاں استانیوں کے گھروں میں جا کر پڑھتے ہیں اور ایک ایک گھنٹے کے بیس بیس تیس تیس روپیہ مہینہ ادا کرتے ہیں۔ جو تعلیم ان اسکولوں میں دی جاتی ہے اس پر بچوں کے والدین یا سرپرستوں کا کوئی کنٹرول نہیں۔ وہ مشنریوں کے اسکول ہیں اور لامحالہ وہاں انہی کے انداز کی تعلیم دی جاتی ہے۔ لہٰذا ان تمام اخراجات اور دردِ سر کا نتیجہ ہوتا ہے انگریزی کے چند جملے۔ یورپین ایٹیکیٹ کے چند آداب و رسوم اور مسیحی تعلیم کے کچھ تصورات۔ چونکہ اسکولوں کا یہ سلسلہ بڑا منفعت بخش ہے اس لئے اکثر لوگوں نے بطور بزنس ابتدائی اسکول کھول رکھے ہیں جن کا مقصد "کاروبار" کے سوا کچھ نہیں۔

ان اسکولوں کے علاوہ جو "دیسی" قسم کے اسکول قائم ہوئے ہیں ان کی حالت یہ ہے کہ اچھے بھلے بچے کو مہینہ بھر کے لئے ایسے اسکولوں میں بھیج دیجئے، بچپن کے ہر قسم کے عیوب اس میں پیدا ہو جائیں گے اس لئے کہ وہاں صحبت خراب ملتی ہے اور تربیت کا کوئی انتظام نہیں۔

اسکولوں سے آگے بڑھ کر کالجوں میں آیئے تو ان کی حالت ایسی ناگفتہ بہ ہے جس کے ذکر کرنے سے بھی شرم آتی ہے۔ ان کے نصابِ تعلیم میں اتنی تبدیلی ضرور ہوئی ہے کہ ان میں اسلامی تاریخ اور دینیات کے مضامین کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ لیکن حالت یہ ہے کہ نہ ان مضامین کے پڑھانے والے استاد ہیں اور نہ نصاب کی کتابیں۔ نتیجہ یہ کہ امتحان کے قریب طالب علم ان لوگوں کی منتیں کرتے پھرتے ہیں جن کے متعلق وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ان مضامین کے متعلق کچھ بتا سکتے ہیں۔ وہ اگر کسی نہ کسی طرح ان سے دو چار لکچر سن لیتے ہیں اور اس طرح جوں توں کر کے امتحان پاس کر لیتے ہیں۔ اس کا نام ہے "اسلامی تعلیم"

تعلیم سے آگے بڑھئے تو تربیت کا سوال سامنے آتا ہے اور تربیت میں سب سے بنیادی سوال ڈسپلن کا ہوتا ہے ڈسپلن کی حالت یہ ہے کہ آئے دن اس قسم کے واقعات سننے میں آتے رہتے ہیں کہ فلاں کالج میں فلاں پروفیسر صاحب کی پٹائی ہو گئی۔ اور فلاں ہوسٹل میں فلاں پرنسپل صاحب کی درگت بن گئی۔ یہ کچھ سال کے دوران میں ہوتا رہتا ہے۔ اس کے بعد امتحان آتا ہے تو ایک اور ہی منظر دیکھنے میں آ جاتا ہے۔ لڑکے امتحان کے کمرہ میں بیٹھے ہیں۔ دو چار نالائقوں نے دیکھا کہ سوالات کے جواب ان کی سمجھ میں نہیں آتے۔ انہوں نے ایک نعرہ لگایا۔ اپنی سیٹ سے اٹھے اور کمرہ سے باہر آ گئے اور ان کے پیچھے پیچھے باقی طالب علم بھی اپنے پرچے چھوڑ کر باہر نکل آئے۔ صبح رجسٹرار کے دفتر میں۔ شام وائس چانسلر کے بنگلے کے پاس۔ جلوس نکل رہے ہیں، مظاہرے ہو رہے ہیں

کر پر چہ مشکل تھا۔ وائس چانسلر نے "حماقت" کی اور ان کے سرغنوں میں سے ایک دو کو یونیورسٹی سے نکال دیا۔ بس یوں سمجھئے گویا بھڑوں کے چھتہ میں پتھر دے مارا۔ اب عام ہسٹرائک شروع ہو گئی اور چند دنوں کے بعد یونیورسٹی کے ارباب حل و عقد مجبور کر دیئے گئے کہ وہ ان لڑکوں کو یونیورسٹی میں دوبارہ داخل کر لیں۔ اس قسم کی ہڑتالیں اب قریب قریب ہر سال کا معمول ہو گیا ہے۔ اب ان لڑکوں کو وہی لوگ پڑھائیں گے جنہیں خود ان کے ہاتھوں اس قسم کی ذلت اٹھانی پڑی تھی۔ ان طالب علموں اور ان اساتذہ کے جس قسم کے خوشگوار تعلقات ہو سکتے ہیں وہ ظاہر ہے۔

یہ ہے مختصراً وہ فضا جس میں ہماری آنے والی نسل پرورش پا رہی ہے اور یہ ہے وہ قالب جس میں ان کی ذہنیتیں ڈھل رہی ہیں۔ ہم اپنی موجودہ نسل کے متعلق شکوہ سنج رہتے ہیں کہ ان میں کوئی کیرکٹر نہیں۔ ہماری یہ نسل ہمارے دورِ غلامی کی پیداوار تھی اس لئے ایک حد تک معذور۔ لیکن اس کا کیا علاج کہ آپ اپنے دورِ آزادی میں جس قسم کی نسلیں تیار کر رہے ہیں وہ قلب اور ذہن دونوں کے اعتبار سے آپ کے دورِ غلامی کی نسلوں سے کہیں بدتر ہیں۔ اس میں ان نوجوانوں کا کوئی قصور نہیں۔ جوانی کے زمانہ میں ویسے ہی جذبات کا دور ہوتا ہے اور عاقبت بینی اور مآل اندیشی کا فقدان۔ اس پر طرّہ یہ کہ ملک کی سیاسی اور نیم مذہبی اور نیم سیاسی جماعتیں ان طالب علموں کو اپنا آلۂ کار بنا کر اپنا اُلّو سیدھا کرتی رہتی ہیں اس سے ان طالب علموں میں سرکشی کے جذبات اور بھی اُبھر آتے ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ قوم کے ارباب حل و عقد اس باب میں کیا کر رہے ہیں؟ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا ان کے نزدیک یہ کوئی مسئلہ ہی نہیں جو کسی توجہ کا محتاج ہو۔ اس میں شبہ نہیں کہ جہاں تک ان کی اپنی ذات کا تعلق ہے انہیں اس باب میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔ ان کے پاس دولت اور اختیارات دونوں ہیں جن کے بل بوتے پر وہ اپنے بچوں کی تعلیم کا ایسا انتظام کر سکتے ہیں جس سے اعلیٰ ملازمتوں میں بھی آسکیں اور اگر بفرضِ محال ان کی تعلیم اس انداز کی نہ بھی ہو سکے تب بھی ان کے لئے اقتدارات کی کرسیاں خالی ہوتی ہیں۔ لیکن یہاں سوال کسی مخصوص طبقے کے چند بچوں کا نہیں، پوری کی پوری قوم کے بچوں کا ہے۔ اور ان بچوں کا مسئلہ ایسا ہے جس کے متعلق پاکستان کے ہر بہی خواہ کو سوچنا اور دیکھنا چاہیئے کہ قوم کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے کیا کچھ کیا گیا ہے اور کیا کچھ کیا جا رہا ہے۔ ہم ملک کے سنجیدہ طبقے سے اپیل کریں گے کہ وہ سیاسی امور کو جس طرح وہ چاہتے ہیں چلنے دیں لیکن اپنی آنے والی نسل کی تعلیم و تربیت کے مسئلہ کو ہرگز ہرگز نظر انداز نہ ہونے دیں۔ زیادہ نہیں تو اس باب میں ہم کم از کم اتنا تو کریں جتنا ہم انگریزوں کی غلامی کے زمانہ میں کر لیا کرتے تھے۔ ہمارا "علی گڑھ" اور "انجمن حمایت اسلام" اسی دور کی پیداوار تھے۔ کیا اب ہم اتنا بھی نہیں کر سکتے؟ یاد رکھئے! اس گوشے میں آپ کا ہر صحیح قدم نہایت عمدہ نتائج کا حامل ہو گا۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ایک ایسا مرکزی ادارہ قائم کیا جائے جو سیاسیات سے الگ رہ کر اپنی تمام جد و جہد کو تعلیم کے لئے وقف کر دے۔ سیاسی دھوپ چھاؤں آتی ہے اور جاتی ہے۔ لیکن تعلیم کا شجرِ طیب ہمیشہ سرسبز و شاداب رہتا ہے اور ہر موسم میں اپنے پھل دیتا ہے کشجرۃ طیبۃ اصلھا ثابت و فرعھا فی السماء۔

---

## بریمی کا قضیہ

بریمی کا نخلستان ایک عرصہ سے موجب فتنہ بنا ہوا ہے۔ اور ہو کیوں نہ؟ یہ سعودی عرب کی جنوب مشرقی سرحد کے اس مقام پر واقع ہے جہاں سے مسقط اور ابو ذہبی کی حدود شروع ہو جاتی ہیں۔ اور یہ دونوں علاقے برطانیہ کے تصرف میں ہیں۔ حدود واضح طور پر متعین نہ ہونے کی وجہ سے برطانیہ وقتاً فوقتاً پیش قدمی کر کے رخنہ اندازی کرتا رہتا ہے۔ یہ ہے اس نزاع کی اصلی وجہ۔ اس کے شدید تر ہونے کی وجہ کے متعلق ماہرین کی یہ رائے ہے کہ اس علاقے میں تیل کے دفینے ہیں۔ دو سال پیشتر اس نزاع نے خاصی ناگوار صورت اختیار کر لی تھی اور برطانیہ اور سعودی عرب میں جھڑپ بھی ہو گئی تھی۔ اس سے ایک سلسلہ مذاکرات شروع ہوا جو اس سمجھوتے پر منتج ہوا کہ اس قضیہ کو ثالثی کے ذریعہ طے کیا جائے۔ چنانچہ اس کے لئے ایک بین الاقوامی کمیشن متفقہ طور پر مرتب کیا گیا جس میں بلجیم، پاکستان، برطانیہ، اور سعودی عرب کے مندوب شامل تھے اس کمیشن نے کام تو شروع کیا لیکن وہ پایۂ تکمیل تک نہ پہنچ سکا اس کی صورت یوں ہوئی کہ برطانیہ نے الزام لگایا کہ سعودی عرب رشوت سے کام نکال رہا ہے۔ نیز سعودی عرب کا مندوب سعودی عرب کے وکیل سے علانیہ طور پر ساز باز کرتا ہے۔ یہ الزام کہاں تک صحیح ہے اس کا کوئی حتمی ثبوت نہیں دیا گیا۔ بدقسمتی سے معاملہ یہیں ختم نہیں ہو گیا۔ بلکہ برطانوی مندوب نے کمیشن سے استعفا دے دیا۔ اس کے بعد بلجیم کے مندوب نے بھی، جو کمیشن کا صدر تھا، استعفےٰ دے دیا۔ اس سے کمیشن خود بخود ختم ہو گیا۔

کمیشن کے اس طرح خاتمے سے بات پھر وہاں پہنچ گئی، جہاں سے ثالثی کے مذاکرات شروع ہوتے تھے۔ اس کے بعد ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ فریقین پھر سے سلسلہ مذاکرات شروع کرتے اور اس قضیہ کو پُرامن طریق سے طے کرتے۔ لیکن نہیں، برطانیہ نے پُرامن طریق کو غیر ضروری سمجھا اور پوری ڈھٹائی سے فوجی قوت کے استعمال پر اتر آیا۔ ۲۶ راکتوبر کو وزیر اعظم برطانیہ کے اس اچانک اعلان نے ایک عالم کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ کہ نخلستان بریمی کے متنازعہ فیہ علاقے پر "سلطان مسقط اور شیخ ابو ذہبی کی فوجوں نے قبضہ کر لیا ہے" انہوں نے یہ تو صاف طور پر بتانے سے انکار کر دیا کہ اس فوجی کارروائی میں برطانیہ کا کہاں تک ہاتھ ہے لیکن ارکان پارلیمان کو یہ کہہ کے خاموش کیا کہ فی الوقت مصلحت کا تقاضا یہ ہے کہ اس کا ذکر نہ کیا جائے اس معنی خیز فقرے میں پوری کی پوری داستان سمٹی ہوئی تھی۔ بہرحال جسے سر انتھنی ایڈن نے کمال ابہام سے مخفی رکھنا چاہا تھا وہ داستان چند دنوں میں بچے بچے کی زبان پر تھی۔ مسقط اور ابو ذہبی میں کیا مجال تھی کہ وہ فوجی کارروائی کرتے وہ ایسا کرتے بھی تو سعودی عرب کا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے۔ برطانیہ نے ان کے کندھوں کو اپنی بندوق کے سہارے کے لئے تاکا اور سعودی عرب کو نشانہ بنایا۔ ظاہر ہے کہ اگر برطانیہ کو اپنی عسکری برتری کا یقین نہ ہوتا تو وہ کبھی یہ خطرناک قدم نہ اٹھاتا۔ کیونکہ اس سے جنگ کی آگ بھڑک سکتی ہے۔ بالخصوص پُرامن ذرائع استعمال کئے جا سکتے تھے۔ مثلاً یہ بھی ہو سکتا تھا معاملے اقوامِ متحدہ تک پہنچا دیا جاتا۔ اس سے بہتر پُرامن حل کی اور کیا شکل ہو سکتی تھی۔

نخلستان بریمی پر قبضہ صریحاً برطانوی قبضہ ہے اور اسے جارحیت سے ہی موسوم کیا جائے گا۔ ہم اسے جارحیت قرار دے رہے ہیں تو محض اس لئے نہیں کہ جس علاقے پر قبضہ کیا گیا ہے وہ متنازعہ فیہ تھا یا اس پر برطانیہ کا نہیں بلکہ سعودی عرب کا حق فائق تھا۔ قانونی اعتبار سے یہ نقطہ اپنی جگہ اہم ہے لیکن ہمارے نزدیک اہم تر مسئلہ یہ ہے کہ اس علاقے میں برطانیہ کا اس حد تک اثر دخل ہے کہ وہ فوجی کارروائی بھی پوری ڈھٹائی سے کر سکتا ہے اور کوئی اس کا حریف نہیں ہوتا۔ اگر قضیہ سعودی عرب، مسقط اور ابو ذہبی میں ہوتا تو وہ قابل فہم تھا۔ ان کی سرحدیں ملتی ہیں اور ایسے سرحدی تنازعات پیدا ہوتے ہی رہتے ہیں۔ لیکن اب ایک اجنبی ملک ان علاقوں میں موجود ہے جو استعماری مقاصد کے لئے ان کو بے دریغ استعمال کرتا ہے۔ ہمیں افسوس ہے کہ سعودی عرب نے انفرادی طور پر اور ممالک مسلمہ نے عمومی طور اس خطرے کو نہیں بھانپا۔ سعودی عرب کی دلچسپی اس میں یہ ہے کہ وہ اسے ذاتی ملکیت سمجھتا ہے۔ اگر اس کا یہ حق تسلیم کر لیا جائے تو اس کے نزدیک یہ معاملہ ختم ہو جائے گا۔ ہم مسلمان حکومتوں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ ان معاملات کو ان کے صحیح پس منظر میں دیکھیں اور ایسا اجتماعی اقدام کریں جس سے بیرونی اثر دخل مسلمان علاقوں سے ختم ہو جائے۔ جب دو مسلمان ہمسایوں میں تنازعات پیدا ہوں گے تو انہیں بلا مداخلت غیر اپنی برادری میں طے کیا جا سکے گا۔ جب تک غیر ملکی تسلّط عالم اسلامی کے کسی ایک گوشے میں بھی رہے گا، اس قسم کے فتنے اٹھتے رہیں گے اور تمام عالم اسلامی کو خلفشار و بد امنی میں مبتلا رکھنے کا باعث بنتے رہیں گے۔ اگر اس راز کو سمجھ لیا جائے تو ہماری موجودہ سیاست کے لق و دق صحرا میں بریمی واقعی ایک نخلستان ثابت ہو گا۔ لیکن یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب تمام اسلامی ممالک اپنا ایک متحدہ بلاک بنالیں اور باہمی یک جہتی سے اپنے معاملات کے فیصلے کریں اور غیروں کے اقدامات کے جوابات سوچیں۔ اس طرح تشتت و افتراق کا نتیجہ سوائے اس کے اور کیا نکل سکتا ہے کہ اسے وہ کھا گیا اور اُسے وہ ہڑپ کر گیا اور تم بیٹھے منہ تکتے گئے!

---

## علاقائی زبانیں

مرکزی وزیر اطلاعات، پیر علی محمد راشدی صاحب نے حیدرآباد میں سندھی محفل کو خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھی زبان ترقی یافتہ زبان نہیں ہے لہٰذا سندھی اہل قلم حضرات کو چاہیئے کہ وہ اس کی ترقی کے لئے کوشش کریں۔ اس سلسلہ میں انہوں نے سندھی شاعروں اور لکھنے والوں کو یہ مشورہ دیا کہ وہ خالص سندھی الفاظ استعمال کریں اور "اجنبی" الفاظ و اصطلاحات سے گریز کریں۔ اس خطاب میں آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اردو ہماری قومی زبان ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ

علاقائی زبانوں کو فروغ دینا چاہیئے۔

اگر صرف مغربی پاکستان کو لیا جائے تو لسانی اعتبار سے پوزیشن بالکل صاف ہو جاتی ہے۔ اس حصۂ ملک کی قومی زبان اردو ہے اور کوئی اس پر معترض نہیں۔ مغربی پاکستان کے ایک وحدت ہو جانے سے اردو کا مقام اور واضح ہو گیا ہے اور اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہ جاتی کہ مغربی پاکستان کی قومی زبان اردو ہے لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ جو علاقائی زبانیں یہاں رائج ہیں ان کو مٹانے کی کوشش کی جائے گی یا اردو سے انہیں کوئی خطرہ ہے۔ زبانیں مخصوص ماحول کی پیداوار ہوتی ہیں اور انہیں کے مطابق آگے بڑھتی یا پیچھے ہٹتی ہیں۔ کسی زبان کے ترقی کرنے کا مطلب ہی یہ ہے کہ وہ نئے الفاظ اور تازہ تازہ خیالات سے مالا مال ہوتی رہے یہ دولت کسی زبان کو اس وقت تک حاصل نہیں ہوتی جب تک اس کا دوسری زبانوں اور زبانیں بولنے والوں سے واسطہ نہیں پڑتا۔ دنیا میں کوئی زبان ایسی نہیں جسے "خالص" کہا جا سکے۔ ہر ایک میں مختلف زبانوں کے الفاظ ملیں گے اگر کوئی "خالص" زبان ڈھونڈنے سے مل جائے تو وہ ان وحشیوں کی ہوگی جنہیں نہ تہذیب سے واسطہ پڑا ہے نہ مہذب انسانوں سے یا جو بالکل مردہ ہو چکی ہے، اور جوں جوں انسانوں کا میل جول بڑھتا جائے گا اور وہ ایک برادری بنتے جائیں گے ان کی زبانیں بھی نئے قالبوں میں ڈھلتی جائیں گی۔ اس سلسلۂ تغیر وتبدل — فلہٰذا ترقی — کو کوئی طاقت روک نہیں سکتی۔ اس تصریح کی روشنی میں مغربی پاکستان کو دیکھیے۔ یہاں وحدت قائم ہو گئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے طول وعرض میں باہمی باشندوں کے باہمی میل جول کے مواقع زیادہ ہوں گے۔ اس کے جہاں اور نتائج نکلیں گے وہاں اس کا اثر زبان پر بھی پڑے گا۔ یہ لوگ آپس میں ملیں گے تو اردو ہی میں بات کریں گے اور اس طرح لامحالہ اپنے الفاظ وخیالات اردو میں داخل کر لیں گے۔ اسی طرح وہ اردو سے بھی متاثر ہوں گے اور بہت کچھ اپنے ہاں لے کے جائیں گے۔ ان حالات میں علاقائی اور قومی زبانیں ایک دوسرے کی پرورش کرنے والی بن جائیں گی۔ اور کسی کو دوسرے کا حریف فلہٰذا اس کے لئے "اجنبی" نہیں کہا جا سکے گا۔ اس سلسلہ میں ہمیں سابقہ پنجاب کی مثال خصوصیت سے نگاہ میں رکھنی چاہیئے۔ وہاں لوگوں کی مادری زبان پنجابی تھی لیکن پنجاب نے اردو کو اس طرح اپنایا کہ اردو اس کے لئے بمنزلہ مادری زبان ہو گئی۔ اس طرح گو ان کی دو زبانیں ہو گئیں لیکن کسی ایک نے دوسرے کو نقصان نہیں پہنچایا۔ بلکہ ہر دو نے استفادہ کیا۔ آج اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ پنجابی زبان اور ثقافت نے اردو میں خصوصی توانائی اور جلال پیدا کر دیا۔ اب یہ تجربہ بڑے پیمانے پر کیا جائے گا اور پنجابی کے علاوہ دوسری زبانیں بھی آگے بڑھیں گی وہ اردو کو متاثر بھی کریں گی اور اس سے متاثر بھی ہوں گی۔ وہ اپنی بساط اور صلاحیت کے مطابق آگے بڑھیں گی اب ان کے لئے میدان وسیع ہو گیا ہے۔ لہٰذا ہمیں علاقائی اور جغرافیائی تخصیص پیدا کر کے ان کا دائرہ تنگ نہیں کرنا چاہیئے۔ ہمیں یقین ہے کہ وزیر موصوف کا مقصد وہ نہیں جسے ہم نے محل نظر ٹھہرایا ہے۔ لیکن ہم نے یہ وضاحت ...... اس لئے ضروری سمجھی کہ اس سے کوئی غلط فہمی پیدا نہ ہو جائے۔

# دیہی امداد

پاکستان کو دولت متحدہ امریکہ کی طرف سے مختلف مدات میں جو امدادی رقوم ملی ہیں ان میں دیہی امداد کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ یہ امداد دیہات کی زراعتی اور صنعتی نشوونما کے لئے دی گئی ہے۔ انگریزی زبان میں ان الفاظ کا مخفف A.I.D بنتا ہے اور چونکہ اس لفظ کے معنے بھی امداد ہیں اس لئے اس اسکیم کا نام ہی دیہی امداد پڑ گیا ہے، ہمارے ہاں اس اسکیم کو اس لئے خاص طور پر اہمیت حاصل ہے کہ ہمارا ملک زراعتی ملک ہے ہمارے ہاں کے بیشتر باشندے دیہات میں آباد ہیں اس لئے بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ ہماری ترقی اور پستی کا معیار ہمارے دیہات ہیں۔ اگر وہاں کے لوگ خوشحال، تندرست و توانا، اور تفکرات اور پریشانیوں سے آزاد ہیں تو سمجھیے کہ پاکستان ترقی کے رستہ پر جا رہا ہے اور اگر وہاں افلاس، بیماری، پریشانیاں، مصیبتیں اور تکالیف ہیں تو پھر ہمارے شہروں کے چھوٹے نگینوں کی مینا کاری صحیح ترقی کی آئینہ دار نہیں ہو سکتی۔ بنابریں ہمارے دیہات کی حالت سدھارنے کے لئے جو قدم بھی اٹھے وہ لائق صد تحسین ہے۔

لیکن اس کے ساتھ یہ بھی حقیقت ہے کہ قدم وہی نتیجہ خیز ہوگا جو صحیح سمت میں اٹھے گا۔ غلط علاج میں ہزاروں روپیہ صرف کر دینے سے بھی بیمار کو صحت نصیب نہیں ہو سکتی۔ ہمارے ہاں دیہات سدھار کے لئے اس سے پہلے بھی بہت سی اسکیمیں بنیں اور بہت سے تجربے کئے گئے۔ لیکن گاؤں والوں کی حالت سدھرنا تو ایک طرف بد سے بدتر ہوتی چلی گئی۔ تقسیم کے بعد ان کی حالت کی اس ابتری میں اور بھی اضافہ ہو گیا اس لئے کہ ان کی زندگی جن بندھنوں سے بندھی ہوئی تھی وہ بندھن ایک ایک کر کے ٹوٹ گئے۔ دیہات کی زندگی برادری کی زندگی تھی اور ان کی شیرازہ بندی قومی روایات کی وجہ سے ہوتی تھی۔ ملک کی تقسیم کے ساتھ برادریوں کے رشتے بھی ٹوٹ گئے اور ان کے ٹوٹنے سے قومی روایات کا شیرازہ بھی منتشر ہو گیا۔ لہٰذا ان کے حالات کو سدھارنے کے کام میں اور بھی مشکلیں پیدا ہو گئیں۔ ایسے حالات میں کسی باہر کے ملک کی امداد ہمارے لئے بسا غنیمت ہے۔ لیکن جو لوگ دیہات کی زندگی کا تھوڑا بہت علم رکھتے ہیں وہ اس حقیقت سے واقف ہیں کہ اس قسم کی دیہات سدھار اسکیموں سے جو کچھ بھی ہوگا وہ صرف درخت کے پتوں پر پانی چھڑکنا ہوگا۔ اس کی جڑوں کی سیرابی نہیں ہوگی۔ ہمارے دیہات کی جو خرابیاں گنائی جاتی وہ ان کے اصلی مرض کی علامات ہیں۔ علت مرض ان سب سے الگ ہے۔ وہ علت مرض یہ ہے کہ عام طور پر زمینوں کے مالک زمیندار ہیں اور گاؤں کا بیشتر حصہ ان کے کاشتکاروں کی حیثیت سے کام کرتا ہے۔ یہ بیچارے سال بھر دن رات لہو پسینہ ایک کر کے فصل پیدا کرتے ہیں اور اس میں سے کم از کم آدھی فصل زمیندار کے گھر میں چلی جاتی ہے۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ عدم یقین کا ہوا ان کے سر پر الگ سوار رہتا ہے کہ نہ معلوم کب زمین کا مالک ناراض ہو جائے اور ہم سے زمین چھن جائے ان حالات میں سب سے مقدم کرنے کا کام وہی ہے جسے قرآن نے ان مشکلات کا حل بتایا ہے۔ قرآن کی رُو سے زمین انسانوں کی نشوونما کا ذریعہ ہے اس لئے اس پر بطور جائیداد انفرادی ملکیت قطعاً جائز نہیں۔ لہٰذا زمینداری کا تصور قرآن کے خلاف ہے۔ ہوا کی طرح زمین بھی خدا کی طرف سے مفت عطا کردہ ہے اور یہ عطیہ اس لئے دیا گیا ہے کہ اس سے انسانی پرورش کی ضروریات پوری ہوتی رہیں۔ لہٰذا سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ زمینوں کو انفرادی ملکیت سے نکال کر ملت کی مشترکہ تحویل میں دے دیا جائے تاکہ کوئی شخص محنت کرنے والے کو اس کی محنت کے ماحصل سے محروم نہ کر سکے۔

محترم وزیر اعظم صاحب دیہی امداد کی اسکیم میں خاص طور پر دلچسپی لیتے ہیں۔ یہ چیز بڑی حوصلہ افزا ہے۔ لیکن ہم ان کی خدمت میں باادب گذارش کریں گے کہ جب تک ہمارے ہاں سے زمینداری کی لعنت دور نہیں ہوتی گاؤں کے سدھار کی کوئی کوشش صحیح نتیجہ پیدا نہیں کر سکتی۔ اگر محترم وزیر اعظم صاحب دل سے چاہتے ہیں کہ گاؤں والوں کی حالت سدھر جائے تو ان کے لئے سب سے پہلے کرنے کا کام یہی ہے۔ اور اب جبکہ ان کے ہاتھ میں اختیار واقتدار کی باگ بھی ہے، ان کے لئے اس تبدیلی کا پیدا کر دینا کچھ مشکل نہیں۔ اگر وہ اپنے عہد وزارت عظمیٰ میں صرف ایک ہی کام کر جائیں تو اس سے نہ صرف پاکستان کی موجودہ نسل کی کایا پلٹ جائے گی بلکہ اس کی آنے والی نسلیں بھی اپنے آپ کو ان کا مرہون منت



# عالم اسلامی

فلسطین کا معاملہ پھر بڑی نازک حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ سینائی اور غزا کے علاقوں میں یہودیوں نے نئے حملے شروع کئے ہیں۔ ان میں سے بعض اتنے خونریز ہوئے ہیں کہ جب سے جنگ فلسطین شروع ہوئی ہے۔ ایسے معرکے نہیں ہوئے کیا اس سے پھر جنگ کی صورت پیدا ہو جائیگی؟ یہ ہے وہ سوال جو اس وقت فلسطین سے متعلق ابھر کر سامنے آ گیا ہے۔ لیکن حالات کی رفتار ایسی پیچیدہ ہے کہ اس کا کچھ جواب نہیں دیا جا سکتا۔ اقوام متحدہ کے صدر مقام پر تگ و دو شروع ہو گئی ہے کہ فلسطین میں امن قائم کرنے کی کچھ شکل پیدا کی جائے۔ اقوام متحدہ کے نمائندے جنرل برنز، سیکرٹری جنرل اور امریکہ، برطانیہ اور فرانس کے نمائندوں سے ملاقاتیں کر چکے ہیں۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اقوام متحدہ کی طرف سے کئی تجاویز مرتب ہو چکی ہیں جو متحارب حکومتوں کو بھیج دی گئی ہیں۔

ممالک مغرب پر اس صورت حال کا اثر عجیب سا ہوا ہے وہ نہیں چاہتے کہ جنگ کی آگ پھیلے۔ وہ ایک طرف مصر کی پاسداری کرنا چاہتے ہیں کیونکہ مصر نے روس اور روسی حلقہ بگوشوں سے اسلحہ خریدنے کا جو سلسلہ شروع کیا ہے۔ اس سے مشرق وسطیٰ میں کمیونسٹوں کا یقینی اثر دخل شروع ہو جاتا ہے وہ اس اثر کو زائل نہیں تو کم کرنے کے لئے یہودی جنگ کے سلسلے میں مصر کو ناراض نہیں کرنا چاہتے۔ لیکن ان کی یہ مشکل بھی ہے کہ مصر کی تائید کی جائے گی تو یہودی ناراض ہوں گے۔ نیز وہ یہ بھی سوچ رہے ہیں کہ اگر یہودیوں کو اسلحہ دینے کی رفتار تیز تر کر دی جائے تو ایک طرف تو اسلحہ کے بارے میں "توازن" سا پیدا ہو جائے گا۔ دوسرے یہودیوں کی تلخی بھی کم ہو جائے گی اگر ممالک مغرب دو کشتیوں پر سوار ہیں تو یہودی حکومت بھی دوہری چال چل رہی ہے۔ اس کے نئے وزیر اعظم "بن گوریان" نے پیشکش کی ہے کہ وہ مصر سے مل کر امن قائم کرنے کے لئے تیار ہیں۔ وہ باتیں امن کی کر رہے ہیں لیکن اس کے ساتھ لڑتے بھی جا رہے ہیں۔ اور لڑائی کی طرح وہ روس امریکہ، برطانیہ اور فرانس کے پیچھے بھاگتے ہیں کہ ان سے مدد حاصل کی جائے۔ روس چونکہ مشرق وسطیٰ میں اپنے قدم جمانا چاہتا ہے۔ اور یہ مقصد عربوں کی تائید سے حاصل ہو سکتا ہے اس لئے اس کی توجہ یہودیوں کی بجائے عربوں کی طرف ہے۔ یہ واضح رہے کہ اگر روس اس وقت مصر وغیرہ کی طرف جھکا ہوا نظر آتا ہے تو یہ نتیجہ نکالنا غلط ہے کہ وہ یہودیوں کا بہی خواہ نہیں۔ یہ حقیقت بھلائی نہیں جا سکتی کہ "اسرائیل" کے قیام میں روس کا بھی ہاتھ ہے اور روس ہی نے اسے بہت حد تک مسلم کیا ہے۔ اب البتہ اس کے لئے مصلحت کا تقاضا عربوں سے صاحب سلامت کرنے میں ہے۔ لیکن اگر وہ عربوں کو اسلحہ دے رہا ہے تو وہ یہودیوں کے ہاتھ تیل بیچ رہا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ یہودیوں اور عربوں میں کشیدگی بڑھے تاکہ عرب زیادہ سے زیادہ اس کی طرف جھک جائیں۔

یہودی جارحیت سے عربوں میں ہلچل مچ گئی ہے۔ لیکن یہ ابھی نہیں کہا جا سکتا کہ وہ اجتماعی طور پر اس کی مدافعت کر سکیں گے۔ مصر نے شام سے جو معاہدہ دفاع کر لیا ہے اس کی رو سے شام اس کی مدد کو پہنچے گا۔ سعودی عرب نے بھی اسی طرح کا معاہدہ مصر سے کیا ہے۔ جس کی ہنوز تصدیق نہیں ہوئی ہے۔ عراق نے مصر سے کشیدگی کے باوجود یہ اعلان کیا ہے کہ وہ عرب لیگ کے معاہدہ دفاع کی رو سے مصر کی مدد کو پہنچے گا۔ یہ آثار اچھے ہیں لیکن اس رنج دہ حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ عربوں میں یگانگت و یکجہتی مفقود ہے۔ اور یہ دیکھنا ہے کہ وہ کس حد تک اجتماعی اقدام کر سکتے ہیں مصر نے اس موقع پر دنیائے اسلام کی مجموعی مفاد کو ایک طرف کر کے روس سے جو براہ راست تعلق پیدا کر لیا ہے۔ اس نے دنیائے عرب کے اختلافات کو اور مستحکم کر دیا ہے اگر مصر اپنی قسمت ہمسایہ مسلم ممالک سے وابستہ کرتا تو آج عربوں اور مسلمانوں کو متحدہ کارروائی کرنے کی زیادہ گنجائش ہوتی۔ اب بھی اگر یہ سبق حاصل کر لیا جائے تو مطلوبہ اتحاد کی طرح ڈالی جا سکتی ہے پاکستان، ترکی اور عراق اس سلسلہ میں نمایاں کام کر سکتے ہیں کیونکہ وہی اس وقت مسلمانوں کے مجموعی مفاد کے مطابق اپنی قومی پالیسی کو ڈھال رہے ہیں۔ ان کے لئے اور زیادہ ضروری ہو گیا ہے کہ وہ مسلمانوں کے مجموعی مفاد پر زیادہ سے زیادہ زور دیں اور اس کا کماحقہ شعور پیدا کریں۔

مصر سے جو سلسلہ شروع ہوا ہے۔ اس کی دوسری کڑی یمن نے مہیا کی ہے۔ اس نے روس سے معاہدہ دوستی طے کیا ہے۔ اور ثقافتی اور معاشی روابط قائم کرنے کا معاہدہ کیا ہے واضح رہے کہ روس اور یمن کے مابین ۱۹۲۹ء میں ایک معاہدہ ہوا تھا۔ جو ۱۹۳۹ء میں ختم ہو گیا تھا۔ اب سولہ سال کے بعد یمن کو پھر ایک معاہدہ کرنے کا خیال آ گیا۔ اس دوستی کا نتیجہ روس کے ہی حق میں نکلے گا۔ کیونکہ اسے ایک نیا اڈہ مل جائے گا۔ یمن کا یہ اقدام اس لئے بھی افسوسناک ہے کہ اس کے لئے کوئی جلدی نہیں تھی۔ اب چونکہ مشرق وسطیٰ میں روس کی آؤ بھگت شروع ہو گئی ہے۔ اس لئے عرب ممالک، ایران اور ترکی میں متعین روسی سفیر قاہرہ میں صورت حال پر غور کرنے کے لئے ایک اجتماع منعقد کر رہے ہیں۔ افغانستان بھی دوسروں کی دیکھا دیکھی کمیونسٹ ممالک سے اسلحہ خریدنے کی طرح ڈال رہا ہے۔ اس کا ایک مشن چیکوسلوواکیہ پہنچ گیا ہے۔ افغانستان جیسے ملک کو اسلحہ کی دوڑ میں شریک ہونے کی کوئی ضرورت نہیں تھی اس کے لئے مناسب یہ تھا کہ وہ معاشی مدد لیتا۔ اور اپنے حالات کو درست کرتا۔ لیکن وہ اغیار کے اشاروں پر ناچ رہا ہے "اور پاکستان کو الجھائے رکھنے کے لئے فوجی قوت میں اضافہ کر رہا ہے۔ تازہ اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ اس نے پاکستان کی سرحد پر فوجی نقل و حرکت بھی شروع کر دی ہے۔ یہ اس بیماری کی علامت ہے جس میں بعض عرب ممالک مبتلا ہیں۔ اور اس کا علاج بھی یہی ہے کہ ممالک اسلامیہ کو ایک ہی سلسلہ وحدت میں منسلک کیا جائے۔

# بین الاقوامی جائزہ

بین الاقوامی سیاست کی توجہات کا مرکز اس وقت جنیوا ہے۔ جہاں چار بڑے ملکوں کے وزرائے خارجہ مصروف گفتگو ہیں۔ گو وہ کافی سر مار رہے ہیں لیکن جس مقصد کے لئے وہ جمع ہوئے تھے وہ عنقا بنتا جا رہا ہے۔ جیسا کہ خدشہ تھا۔ قدم قدم پر یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ فریقین کے نظریات و مطالبات میں مشرق و مغرب کا فرق ہے۔ پہلے جرمن وحدت اور معاہدہ یورپ کے منصوبے زیر بحث آئے۔ روس جرمنی کو غیر متحد اور غیر مسلح دیکھنا چاہتا ہے اسلئے وہ جرمن وحدت کے مسئلہ کو چنداں اہمیت نہیں دیتا۔ وہ پورے یورپ کا ایک عمومی دفاعی معاہدہ کرنا چاہتا ہے جس میں امریکہ بھی شریک ہو۔ اور جرمنی غیر جانبدار کی حیثیت رکھے۔ اس سے پیشتر روس کا مطالبہ اس سلسلہ میں یہ تھا کہ اقوام مغرب اپنی دفاعی تنظیم یعنی ناٹو کو ختم کر دیں۔ اور پھر عمومی معاہدہ کریں لیکن اب اس نے یہ مطالبہ ترک کر دیا ہے۔ لیکن جرمنی کا معاملہ ناٹو سے کم اہم نہیں۔ اقوام مغرب آزادی انتخابات کے ذریعہ دونوں حصوں کو ایک کرنا چاہتے ہیں۔ روس اس کے لئے تیار نہیں وہ زیادہ سے زیادہ مشرقی اور مغربی جرمنی کی ایک مشترکہ کونسل بنانے کے حق میں ہے۔ وہ نہیں چاہتا کہ مغربی جرمنی کی حیثیت اس کے حلقہ بگوش مشرقی جرمنی سے برتر ہو جائے۔ معاہدہ یورپ کو جرمن وحدت سے منسلک رکھنے کے لئے مغرب نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ جرمنی کو متحد تو کر دیا جائے۔ لیکن معاہدہ یورپ میں یہ گنجائش رکھی جائے مشرق اور مغرب کی موجودہ سرحدوں کے پاس ایسے علاقے قائم کر دیئے جائیں جہاں جانبین کی فوجوں کی تعداد پہلے سے مقرر کر دیا جائے اور دونوں طرف ایسے انتظامات ہو جائیں کہ ان کا ہر وقت معائنہ ہوتا رہے۔ یہ مسائل ایسے نہیں جن پر جلد کوئی مفاہمت ہو جائیگی لہذا کانفرنس کی کارروائی کو دلچسپی سے دیکھتے جانا ہوگا۔ ان منصوبوں کے ساتھ ساتھ مشرق و مغرب میں میل جول بڑھانے کے ذرائع پر بھی غور کیا جا رہا ہے روس نے اس سلسلہ میں سب سے زیادہ زور اس پر دیا ہے کہ مغرب نے جو یہ پابندی لگا رکھی ہے کہ ایسا مال روس اور روسی حلقہ اثر میں نہ جانے دیا جائے جو جنگی مقاصد کے لئے استعمال ہو سکے اسے ختم کر دیا جائے۔ اس کے ساتھ ہی روسی وزیر خارجہ مالوٹوف نے یہ تجویز بھی پیش کی ہے کہ آئندہ سال ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد کی جائے جو ایٹمی توانائی کو صنعت کے لئے استعمال کرنے کے ذرائع پر غور کرے۔ روس اس طرح اپنی امن پسندی کا ثبوت دینا چاہتا ہے لیکن اگر مقصود روابط کی استواری ہے تو اسکے لئے امریکہ کی تجویز حقیقی نتائج کی حامل ہو سکتی ہے۔ ڈلیس نے اعلان کیا ہے کہ انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ امریکہ

(باقی صفحہ ۱۸ پر)

# تاریخی شواہد

## (۳۶)

ذرا تصور میں لایئے اس نظارہ کو کہ جب ان بتوں کے پرستار معبد میں واپس لوٹے ہوں گے تو ان کی حالت کیا ہوگی، غیض و غضب کا ایک طوفان برپا ہوا جس میں ہر طرف سے یہ آواز سنائی دی کہ

قَالُوا مَنْ فَعَلَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا إِنَّهُ لَمِنَ الظَّالِمِينَ ٥ (۲۱/۵۹)

انہوں نے کہا کہ ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ حرکت کس نے کی؟ (جس کسی نے کی ہو) وہ بڑا ہی ظالم آدمی ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے اپنے اس ارادہ کا اظہار، کہ دیکھو میں ان بتوں سے کیا کرتا ہوں، پجاریوں کی مخصوص جماعت کے سامنے کیا ہوگا؛ اور عوام اس سے باخبر نہ ہوں گے۔ اس لئے عوام یقینی طور پر نہیں جانتے تھے کہ یہ کس کا کام ہے۔ اور پجاری اس کا اظہار نہیں کرنا چاہتے تھے کہ مبادا اس سے عوام بگڑ بیٹھیں کہ جب تمہیں یہ چیلنج دے دیا گیا تھا تو تم معبد کی حفاظت سے اس قدر غافل کیوں ہو گئے۔ لیکن عوام کو یقینی طور پر اس کا علم ہو جانا۔ بت پرستی کے متعلق حضرت ابراہیمؑ کا مسلک (ATTITUDE) تو سب پر واضح تھا۔ اس لئے نگہ شبہ اسی کی طرف اٹھ سکتی تھی۔

قَالُوا سَمِعْنَا فَتًى يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ ٥ (۲۱/۶۰)

چند آدمیوں نے کہا۔ ہم نے ایک نوجوان کو ان کے بارے میں کچھ کہتے سنا تھا۔ اسے ابراہیم کہہ کے پکارتے ہیں۔

پجاریوں نے کہا کہ،

قَالُوا فَأْتُوا بِهِ عَلَىٰ أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُونَ ٥ (۲۱/۶۱)

انہوں نے کہا۔ اسے یہاں تمام آدمیوں کے سامنے بلا لاؤ تاکہ سب گواہ رہیں۔

جب حضرت ابراہیمؑ تشریف لائے تو اُن سے پوچھا گیا

قَالُوا أَأَنتَ فَعَلْتَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيمُ ٥ (۲۱/۶۲)

ان لوگوں نے ابراہیم سے کہا۔ ابراہیم! کیا تو نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ حرکت کی؟

واقعہ اپنی انتہائی نزاکت کو پہنچ چکا تھا۔ اب وقت تھا کہ جس غرض کے لئے یہ تدبیر عمل میں لائی گئی ہے اسے قوم کے سامنے لایا جائے۔ اگر پجاریوں کے اس سوال کے جواب میں حضرت ابراہیم یہ کہہ دیتے کہ میں نے تو پہلے ہی یہ کہہ دیا تھا کہ ایسا کروں گا تو اصل مقصد پیچھے سرک جاتا۔ آپ نے ان پجاریوں سے کہا کہ تمہارے تو یہ دعوے ہیں کہ یہ بت تمہیں غیب کی خبریں سنا دیا کرتے ہیں اور اسی دعوے کی بنا پر تم عوام کو دھوکے میں رکھ کر ان پر اپنی خدائی کا سکہ جمائے بیٹھے ہو۔ اگر یہ سچ ہے کہ یہ بت تمہیں لوگوں کے دلوں کی باتیں بھی بتا دیا کرتے ہیں اور آنے والے واقعات تک سے بھی مطلع کر دیا کرتے ہیں تو یہ سب سے بڑا بت "خداؤں کا خدا" تمہارے سامنے موجود ہے ذرا اس سے پوچھو کہ یہ کیا ہوا ہے؟

قَالُوا أَأَنتَ فَعَلْتَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيمُ ٥ قَالَ بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَٰذَا فَاسْأَلُوهُمْ إِن كَانُوا يَنطِقُونَ ٥ (۲۱/۶۳)

ان لوگوں نے ابراہیم سے کہا۔ ابراہیم! کیا تو نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ حرکت کی ہے؟ ابراہیم نے کہا۔ میں نے یہ کیا۔ تم اس کی بابت مجھ سے پوچھنے کی بجائے انہی بتوں سے پوچھو۔ اور ان میں سے بھی اس سے جو ان میں سب سے بڑا ہے۔ اگر بت بول سکتے ہیں تو تمہیں جواب دیدیں گے؟

اس سوال و جواب پر ایک مرتبہ پھر غور کیجئے کہ آگے چل کر اس کے متعلق ایک اہم حقیقت سامنے آئے گی بات بالکل صاف ہے کہ یہ ایک الزامی حجت تھی۔ پجاریوں سے یہ مخفی نہ تھا کہ حضرت ابراہیم نے یہ حرکت کی ہے اس لئے کہ آپ نے علی الاعلان ایسا کہا تھا۔ اس جواب سے بیک وقت دو کام ہو گئے۔ ایک طرف تو عوام پر ان بتوں کی عجز و درماندگی آشکارا ہو گئی۔ اور دوسرے ان پجاریوں کی الہ فریبی کا پردہ بھی چاک ہو گیا کہ یہ بت انہیں تمام باتوں سے آگاہ کر دیا کرتے ہیں۔ پجاریوں پر یہ وہ زد پڑی کہ حواس گم ہو گئے اور چپکے سے ایک طرف جا کر۔

فَرَجَعُوا إِلَىٰ أَنفُسِهِمْ فَقَالُوا إِنَّكُمْ أَنتُمُ الظَّالِمُونَ ٥ (۲۱/۶۴)

تب وہ آپس میں ایک دوسرے سے باتیں کرنے لگے۔ انہوں نے کہا کہ بات تو ٹھیک کہتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم ہی ناحق پر ہیں۔

لیکن حضرت ابراہیمؑ ان کے جواب کے انتظار میں تھے۔ وہ سامنے آئے تو ندامت سے سر جھکائے ہوئے۔

ثُمَّ نُكِسُوا عَلَىٰ رُءُوسِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَٰؤُلَاءِ يَنطِقُونَ (۲۱/۶۵)

پھر وہ اس حال میں پڑ گئے کہ (شرم و خجالت سے) سر جھکے ہوئے تھے۔ لیکن وہ پھر اپنی پہلی بات کی طرف آ گئے اور کہنے لگے کہ تو اچھی طرح جانتا ہے یہ بت بات نہیں کیا کرتے۔

ذرا اس ٹکڑے پر پھر غور فرمایئے کہ لَقَدْ عَلِمْتَ ........ حضرت ابراہیم سب سے بڑے پجاری کے بیٹے تھے۔ اس لئے گھر کے بھیدی۔ پجاریوں نے آپ سے کہا کہ یہ تو تم خود جانتے ہو کہ یہ بت بولا نہیں کرتے ان کی نسبت جو کچھ ہم نے مشہور کر رکھا ہے فقط دام فریب ہے۔ اب جو پجاری یوں خاسر و نادم ہو گئے تو حضرت ابراہیم نے انہیں اور عوام کو مخاطب کر کے للکارا اور کہا کہ یہ واقعہ تمہارے سامنے ہے۔ کچھ بت تو یہ ٹوٹے پڑے ہیں۔ ان میں سے کسی میں یہ طاقت نہ ہوئی کہ اپنے آپ کو بچا سکتا۔ اور یہ سب سے بڑا "خدا" بت چنا سامنے کھڑا ہے۔ یہ نہ ان چھوٹے خداؤں کی حفاظت کر سکا۔ نہ خود یہ اپنا قصہ بیان کر سکا۔ اور نہ اب ان پجاریوں کو ہی کچھ بتاتا ہے۔

قَالَ أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُكُمْ شَيْئًا وَلَا يَضُرُّكُمْ ٥ (۲۱/۶۶)

ابراہیم نے کہا۔ "پھر تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی فرمانپذیری اختیار کئے ہو جو تمہیں نہ تو کسی طرح کا نفع پہنچائیں نہ نقصان؟

یہ ہیں تمہارے خدا۔

أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ٥ (۲۱/۶۷)

کس قدر قابلِ افسوس ہے تمہاری حالت اور ان کی بھی جنہیں تم اللہ کے سوا معبود سمجھتے ہو۔ کیا تم عقل سے بالکل کورے ہو گئے؟

حجت کا اتمام ہو گیا۔ وہی حقیقت جو اس سے پہلے لطیف اشاروں میں سمجھائی جاتی تھی اب محسوس شکل میں سامنے لائی گئی۔ لیکن آپ سمجھتے ہیں کہ پجاریوں نے اپنی مٹتی ہوئی عظمت کو بچانے کے لئے کیا کچھ نہ کیا ہوگا! انہوں نے عوام کے جذبات کو بھڑکایا اور خوب بھڑکایا اور چلا کر کہا کہ

قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِن كُنتُمْ فَاعِلِينَ ٥ (۲۱/۶۸)

انھوں نے (آپس میں) کہا۔ اگر ہم میں کچھ بھی ہمت ہے تو آؤ اس آدمی کو آگ میں ڈال کر جلا دیں۔ اور اپنے معبودوں کا بول بالا کریں۔

وہی استبداد کے ابلیسانہ حربے جو حق و صداقت کی آواز کو دبانے کے لئے شروع سے آج تک استعمال ہوتے چلے آ رہے ہیں! وہ لوگوں کے جذبات کو اس طرح مشتعل کر رہے تھے لیکن حضرت ابراہیم کی (خدا کی طرف سے دی ہوئی راہ نمائی کے مطابق) یہ تدبیر تھی کہ ان کے غصے کی آگ بھڑکنے نہ پائے اور ابراہیم کے حق میں امن و سلامتی کا موجب بن جائے۔

قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ (۲۱/۶۹)

چنانچہ آخر الامر ہوا یہ کہ

وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ وَنَجَّيْنَاهُ .... (۲۱/۷۰)

وہ اس کے خلاف اپنی تدبیر کا ارادہ کر رہے تھے۔ لیکن ہم نے ایسا کیا کہ وہ اپنے ارادے میں ناکام رہ گئے اور ہم ابراہیم کو وہاں سے بچا کر لے گئے۔

اس سے ظاہر ہے کہ وہ ابھی اس کا ارادہ ہی کر رہے تھے کہ حضرت ابراہیمؑ کو پکڑ کر زندہ جلا دیا جائے کہ حضرت ابراہیمؑ محفوظ طور پر وہاں سے نکل گئے۔ (تفصیل آگے آتی ہے)

---

[1] اس قصہ کا ایک اور بھی پہلو ہے جس کی وضاحت محترم پرویز صاحب کی کتاب "جوئے نور" میں کی جا چکی جو عنقریب چھپ جائے گی

# اسلام کی سرگزشت

زمانۂ جاہلیت میں عربوں کی حیات عقلیہ اور اس کے مظاہر سے بحث کر لینے کے بعد گزشتہ اشاعتوں میں اسلام کے لغوی اور اصطلاحی معانی بتلائے گئے تھے اور اسلام کی موٹی موٹی بنیادی تعلیمات پر روشنی ڈالی گئی تھی۔ حالیہ اشاعت میں اسی سلسلے کے ضمن میں اسلام کی ان تعلیمات کے اثرات سے گفتگو کی گئی ہے جو اس نے عربوں پر مرتب کئے۔

اسلام نے قبائلی وحدت اور نسبی وحدت کو منہدم کر دیا اور قبیلہ یا جنس کی فراخت سے انسانوں کے درمیان باہمی تفاضل کو ناپسندیدہ قرار دیا۔ اس نے یہ تعلیم دی کہ جو لوگ اسلام کو قبول کر لیں وہ ایک جسم واحد بن جاتے ہیں جن کے افراد میں باہمی تفاضل محض خدا کی اطاعت اور اس کے اوامر کی تنفیذ کے مطابق ہی ہو سکتا ہے۔ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ۔ تمام مومن لوگ آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ اپنے دو بھائیوں کے درمیان ہمیشہ صلح و صفائی کی کوشش کرتے رہو۔ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ۔ خدا کے نزدیک تم میں سے زیادہ شریف وہی ہے جو اپنے آپ کو قوانین خداوندی سے زیادہ ہم آہنگ رکھتا ہے۔ نیز حدیث میں ہے کہ وہ آدمی ہم میں سے (مسلمانوں میں سے) نہیں ہے جو لوگوں کو کسی عصبیت کی طرف دعوت دے رہا ہو یا کسی عصبیت کی خاطر جنگ آزما ہو۔ اسلام نے اطاعت کو صرف خدا کے لئے، خدا کے رسول کے لئے اور امت کے اولو الامر کے لئے حق قرار دیا ہے۔ امیر کی اطاعت اس وقت تک واجب ہے جب تک وہ خدا کے احکام کی اطاعت کرے۔ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ۔ اور خدا کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور امراء ملت (مرکز ملت) کی اطاعت کرو۔ اور حدیث میں ہے کہ خالق کی معصیت کے معاملہ میں کسی مخلوق کی اطاعت نہیں کی جا سکتی۔

## عربوں پر ان تعلیمات کا اثر

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ان تعلیمات نے عربوں کے عقلی رجحانات کو ایک بڑے درجہ تک بلند کر دیا تھا۔ یہ صفات جنہیں خدا نے اسلام کے اوصاف قرار دیا ہے عربوں کو — بتوں اور مورتیوں کی پرستش اور تنگ نظری اور پست فکری سے جو بتوں کی پرستش کا فکری تقاضا ہیں — اس خدا کی عبادت و اطاعت کی طرف منتقل کر دیا جو ماورا الماده ایک بلند و بالا ہستی ہے کہ لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ نگاہیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور وہ نگاہوں کا ادراک کر سکتا ہے۔ زیادہ تر عربوں کے نزدیک خدا کسی قبیلہ کا خدا ہوا کرتا تھا۔ اور اگر اس کا اقتدار اور تسلط کسی قدر وسیع ہو گیا تو وہ چند قبائل کا خدا بن گیا یا زیادہ سے زیادہ وہ پورے عرب کا خدا بن گیا۔ اسلام نے آکر خدا کو اس رنگ میں پیش کیا کہ وہ تمام جہانوں کا اِلٰہ ہے۔ وہ کائنات کو چلانے والا ہے۔ اس کے قبضۂ قدرت میں ہر چیز ہے۔ اسے ہر چیز کا علم ہے۔ ان تعلیمات کی بدولت عربی ذہن و عقل اتنی ترقی کر سکا کہ وہ ایسے اللہ کا تصور کر سکے جو مادہ سے ماوراء ہو جس کی سلطنت بڑی ہی وسیع ہو۔ اور جس کا علم پوری کائنات کو حاوی ہو۔ اسلام نے ان کو سمجھایا کہ ان کا یہ دین تمام ادیان سے بہتر ہے اور ان کے اردگرد کی ساری دنیا گمراہی میں مبتلا ہے۔ ان کا نبی تمام نوع انسانی کی ہدایت کے لئے بھیجا گیا ہے۔ اور نبی صلعم کے بعد اقوام عالم کو راہنمائی کرنے کا فریضہ ان پر عائد ہو گیا ہے۔ یہ وہ اسباب تھے جنہوں نے عربوں کو دیگر اقوام سے جنگ کرنے اور اسلام کی طرف ان کو دعوت دینے پر آمادہ کیا۔ لہذا جو شخص بھی اس دین میں داخل ہو جاتا تھا وہ ان کی طرح کا ایک مسلمان آدمی بن جاتا تھا، یوم آخر اور دار الجزاء۔ جنت اور جہنم کے عقائد کا اس معاملہ پر بڑا اثر پڑا کہ انہوں نے اپنی جانوں کو اسلامی دعوت کی نشر و اشاعت میں وقف کر دیا۔

إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْقُرْآنِ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُمْ بِهِ وَذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ

خدا نے مومنین سے ان کی جانوں اور مالوں کو اس جنت کے عوض میں خرید لیا ہے جو انہیں دی جائے گی، وہ لوگ اللہ کی راہ میں جنگ کرتے ہیں دشمنوں کو قتل کرتے ہیں اور خود قتل ہوتے ہیں۔ خدا نے ان سے اس کے متعلق ایک سچا وعدہ کر رکھا ہے جو تورات اور انجیل اور قرآن میں بیان کیا گیا ہے۔ لہذا اے مسلمانو! تمہیں اس فروختگی پر خوش ہونا چاہیے کہ تم نے جنت کے عوض میں اپنی جانوں اور مالوں کو فروخت کر دیا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ یہی تو سب سے بڑی کامیابی ہے۔

اسلام نے عربوں کی نگاہوں میں چیزوں کی اقدار اور اخلاق و عادات کی قیمتیں بالکل بدل دی تھیں اور یہ اسلام کا بہت بڑا اثر تھا۔ چنانچہ اسلام کے بعد بعض چیزوں کی قیمت جہاں بڑھ گئی تھی وہیں بعض چیزوں کی قیمت بہت گر گئی تھی۔ زندگی کی قیمت بڑھانے والی چیزیں آج ان کی نگاہوں میں وہ نہیں رہی تھیں جو کل تک تھیں۔ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو اس سلسلہ میں بڑی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا — کہ انہیں ان کی جاہلیت کی نقلیت سے نکال کر اسلام کی عقلیت سے روشناس کرایا — ان دشواریوں کا حال سیرت کی کتابوں میں تفصیل سے مل سکتا ہے۔ صرف رسول اللہ ہی نہیں مسلمان سابقین اولین کو بھی بے شمار مصائب و آلام کا تختۂ مشق بننا پڑا۔ ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ بحدا مشرکین ان نومسلم لوگوں کو زد و کوب کرتے اور بھوکا پیاسا رکھتے تھے۔ حتیٰ کہ شدت تکلیف کی وجہ سے ان میں اتنی سکت بھی نہیں رہتی تھی کہ وہ سیدھے بیٹھ جائیں۔ بالآخر مجبور ہو کر بعض اوقات انہیں وہ کچھ زبان سے کہہ دینا پڑتا تھا جو وہ ان سے چاہتے تھے۔ یہ لوگ اس سے پوچھتے تھے کہ بتاؤ کہ لات و عزیٰ اللہ کے سوا تمہارے اللہ ہیں یا نہیں؟ وہ مصیبت کے مارے مجبوراً کہہ دیتے تھے کہ..... ہاں...... الخ حتیٰ کہ نبوت کے بعد پانچ سال تک پیہم یہ مصائب برداشت کرتے کرتے بہت سے لوگ اس پر مجبور ہو گئے کہ یہاں سے ایک نصرانی مملکت کی طرف ہجرت کر جائیں۔ یہ نصرانی مملکت حبشہ کی تھی جہاں مسلمانوں نے پناہ لی۔

سالمارین
دردوں کیلئے اکسیر ہے
گٹھیا، رنگن، درد کمر، ریاحی درد، درد شقیقہ، سر درد
اور زہریلے جانوروں کے کاٹے کیلئے اکسیر ہے۔
انتہائی درد کی بے چینی کو دور کر کے سکون پہنچاتی ہے۔
اس کا مسلسل استعمال دائمی آرام کا ضامن ہے۔
ہوائی جہاز — ریل — اور بحری جہاز
میں سفر کرنیوالوں کیلئے
سالمارین
بہترین وقتی مددگار ہے
قیمت فی شیشی دو روپے۔ علاوہ محصول ڈاک
اپنے شہر کے ہر اچھے دوا فروش سے خریدیں یا
سالمالیبارٹریز پاکستان
۲۷، زینت مینشن — میکلوڈ روڈ۔ کراچی

# زندہ قوموں کے مقدرات کے ستارے

## (ایک عجیب و غریب تجربہ)

یہ کہنا کہ بچوں کی تربیت کے لئے عمدہ سکول ہونے چاہئیں ایک صداقت کلّی کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے اور اس بارے میں مزید گفتگو کی گنجائش نہیں سمجھی جاتی۔ لیکن شاید آپ یہ سن کر حیران ہونگے کہ یہ پوری نہیں بلکہ نصف صداقت ہے۔ اس صداقت کا دوسرا نصف یہ ہے کہ اچھے سکولوں کے لئے بچے بھی اچھے ہونے چاہئیں، بادنیٰ تعمق اس صداقت کا نصف ثانی نصف اول سے اہم تر نظر آئے گا۔ اور یہ ماننا پڑے گا کہ اگر سکولوں کو اچھے بچے میسر نہ آئیں تو اچھے سے اچھے سکول بھی اپنی افادیت کھو بیٹھیں۔ ماہرین نفسیات کے نزدیک یہ حقیقت ہے کہ بچہ سکول پہنچنے سے بہت پہلے اپنی زندگی ایک خاص قالب میں ڈھال چکا ہوتا ہے۔ یہ قالب مخصوص ماحول کے ہاتھوں تشکیل پذیر ہوتا ہے جو ہر وقت ماں باپ کی وساطت سے بچے پر اثر انداز ہوتا رہتا ہے۔ یہ اثرات بڑے پختہ ہوتے ہیں اور اگرچہ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ان کا اثر زائل نہیں ہو سکتا۔ تاہم اتنا یقین ہے کہ ایک سکول کے لئے یہ رنگ چھڑانا بڑا دشوار ہو جاتا ہے۔ لہٰذا یہ کہنا بالکل قابل فہم اور معقول ہے کہ اچھے سکولوں کو پوری طرح مفید بننے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ان کے لئے بچے بھی اچھے ہوں۔

اچھے بچے کیسے تیار ہو سکتے ہیں؟ یہ تجربہ کسی اور جگہ نہیں تو کم از کم ایک جگہ ضرور شروع ہو چکا ہے۔ یہ جگہ لاس انجیلز ہے جو کیلیفورنیا (امریکہ) میں واقع ہے۔ وہاں

(Association parent Teacher)

استادوں اور والدین کی ایک مشترکہ انجمن ہے جو برسوں ان سوالات کا حل تلاش کرنے میں سرگرداں رہی جو گھریلو فضا میں اکثر ابھرتے رہتے ہیں۔ مثلاً ایک بچہ ہے جو ہے تو ہوشیار لیکن وہ سکول سے بھاگنے کے ذرائع سوچتا رہتا ہے اور جب اسے روکنے کی کوشش کی جاتی ہے تو وہ چیخنا چلانا شروع کر دیتا ہے۔ دوسرا بچہ ہے جو ہے تو پڑھاکو لیکن اس کی وجہ یہ نہیں کہ نالائق ہے بلکہ یہ کہ اس کے کان خراب ہیں اور وہ سنتا کم ہے اس لئے پیچھے رہ جاتا ہے۔ تیسرے بچے کے کان بجتے تو نہیں تھے، لیکن غذا کی خرابی اور تکان سے وہ کبڑا بن گیا۔ چوتھا بچہ ہے کہ اس کے منہ پر ایسی چھائی ہے جس نے اسے بدصورت بنا دیا ہے اور اسے نفسیاتی عارضہ لاحق ہو گیا ہے۔ وہ بچے بھی ہیں جو ایسے گھروں سے آتے ہیں جن کی آمدنی قلیل ہوتی ہے۔ ایسے بھی ہیں جو سیڑھیوں پر چڑھتے ہیں تو ان کا دل دھک دھک کرنے لگ جاتا ہے، یا جنہیں ہر وقت کھانستے رہنا پڑتا ہے یا جن کے دانت خراب ہوتے ہیں، یا جو بھینگے ہوتے ہیں، وغیرہ وغیرہ۔

یہ اور اسی قسم کے بیشتر سوالات ہیں جو والدین اور استاد۔ دونوں کے لئے طرح طرح کے مسائل پیدا کر دیتے ہیں اور بڑی پریشانی کا موجب بن جاتے ہیں۔ ان کا جواب کیا ہے؟ شاید لاس انجیلز میں یہ جوابات مہیا ہو گئے ہیں یا ہو رہے ہیں۔ جس کی طرح استادوں اور والدین کی انجمن نے ڈالی اور اس کا آغاز ۱۹۲۵ء میں یوں ہوا کہ مقامی بچوں کے ہسپتال میں ایک نشست مخصوص کرا لی گئی۔ اصول پیش نظر اس وقت بھی وہی تھا جو اب ہے۔ یعنی یہ کہ اچھے سے اچھا سکول بھی بیکار ہے۔ جب تک کہ اس میں تعلیم پانے والے بچے دماغی لحاظ سے صحت مند اور نفسیاتی طور پر متوازن نہ ہوں۔ یہ سلسلہ جاری رہا اور اس میں توسیع ہوتی رہی تا آنکہ بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنا دشوار ہو گیا۔ ۱۹۴۵ء میں یہ محسوس کیا گیا کہ اس کام کو وسیع پیمانے پر کرنا ہو گا۔ اس کے لئے سرمایہ کی ضرورت تھی اور یہ بڑی ہمت کا کام تھا۔ انہوں نے حساب کیا کہ اگر وہ تین لاکھ ڈالر جمع کر لیں تو وہ اپنے مطلب کی عمارت شروع کر سکیں گے اس کی تکمیل کی صورت یہ ہو گی کہ اسے کسی کمپنی کے پاس رہن رکھ کے بقایا مطلوبہ رقم حاصل کر لی جائیگی۔ انجمن کے کارکن سب رضاکار تھے اور وہ کسی کے سامنے دست سوال دراز نہیں کرنا چاہتے تھے۔ انہوں نے اس کی سبیل نکالی۔ ہر چند لاٹری اور جوئے کی قسم کی متعدد صورتیں ان کے سامنے تھیں۔ لیکن انہوں نے کسی ایک کو نہیں آزمایا اور صرف تجارتی اصولوں کے مطابق روپیہ کمانے کی ممکن اصل صورتوں کی طرف توجہ دی۔ انہوں نے ردی چیزیں جمع کیں اور ان کو بیچا، بازار لگائے، اور چیزیں بنا بنا کر فروخت کیں۔ غرض اس طرح محنت اور استقامت سے انہوں نے ساڑھے چار سال میں دو لاکھ پینسٹھ ہزار ڈالر کمائے۔ اتنی رقم سے ان کی ضرورت کے مطابق قرض ملنا آسان نہیں تھا لیکن یہ باہمت رضاکار تگ و دو کرتے رہے اور بڑی مشکل سے بقایا رقم قرض لے لینے میں کامیاب ہو گئے۔

اس طرح چوسال میں یعنی ۱۹۵۱ء میں موجودہ مرکز صحت تعمیر ہوا جس کی مالیت سات لاکھ ڈالر کی ہے اب تک آدھا قرضہ ادا کیا جا چکا ہے۔ اس میں ہر روز سیکڑوں بچوں کا علاج ہوتا ہے۔ سالانہ اوسط کوئی پندرہ ہزار کی ہے۔ ان میں بعض بچوں کی دلوں کی تصویریں لی جاتی ہیں، بعض کے سینوں کا ایکسرے ہوتا ہے، بعض کے خون کا معائنہ ہوتا ہے اور بعض کا نفسیاتی علاج کیا جاتا ہے۔ یہ علاج بچوں تک ہی محدود نہیں رہتا بلکہ ضرورت ہو تو ان کے والدین تک کا علاج بھی کیا جاتا ہے۔ علاج مفت نہیں ہوتا۔ اس کی اجرت لی جاتی ہے لیکن ہر بچے کی استطاعت کے مطابق۔ اس طرح غریب سے غریب بچے بھی قیمتی سے قیمتی علاج سے استفادہ کر سکتے ہیں اور اچھے سکول کے قابل ہو جاتا ہے۔

مرکز صحت کا رقبہ ساٹھ ہزار مربع فٹ ہے اندر سے اسے بڑا خوبصورت بنایا گیا ہے اور ضرورت کے مطابق اس کا درجہ حرارت کم و بیش کیا جا سکتا ہے۔ یہ مرکز دیکھنے میں بھی خوبصورت یا آرام دہ ہے، بلکہ انسانی نقطۂ نگاہ سے یہ صحیح معنوں میں آرام دہ ہے۔ اس کے ڈاکٹر زیادہ رضاکار ہیں وہ بڑی سرگرمی اور خندہ پیشانی سے بچوں کا علاج کرتے ہیں ایک رکن ادارہ کے الفاظ میں انہیں اس کام میں روحانی لذت محسوس ہوتی ہے۔ وہ جب کسی معذور بچے کو صحیح بناتے ہیں تو اس میں محض جسمانی تبدیلی ہی پیدا نہیں ہوتی بلکہ اس کی ساری شخصیت بدل جاتی ہے۔ بے شمار بچے اس کی زندہ شہادت ہیں۔ مثلاً ایک بچہ آیا جس کی حالت قابل رحم تھی۔ وہ اداس تھا۔ تنہا تنہا اداس کی کوئی سرگرمیاں نہیں تھیں۔ اس کے کندھے جھکے ہوئے تھے اور ریڑھ کی ہڈی کا اوپر کا حصہ گول سا ہو گیا تھا۔ جس سے وہ سیدھا نہیں ہو سکتا تھا۔ اس نے اس کی زندگی کو اجیرن بنا رکھا تھا۔ اس کی تشخیص کی گئی تو معلوم ہوا کہ اس کی منحنی جسمانی بھی ہے اور نفسیاتی بھی جسمانی طور پر اس کی غذا ناقص تھی اور نفسیاتی طور پر وہ زندگی کے ہنگاموں سے الگ تھلگ رہنے اور اپنے آپ کو حقیر اور ناشائستہ انسان سمجھنے پر مجبور ہو گیا تھا۔ ایکس رے سے یہ معلوم ہوا کہ اس کی ریڑھ کی ہڈی کی ساخت ایسی نہیں تھی کہ اسے سیدھا کیا جا سکے اس کے لئے ایک قالب تیار کیا گیا جو وہ کئی ہفتے پہنے رہا۔ اس کے بعد اصلاحی ورزش کرائی گئی۔ رفتہ رفتہ اس کی کمر سیدھی ہونا شروع ہوئی۔ اس کے بچے میں اطمینان پیدا ہونے لگی اور اس کا چہرہ تمتمانے لگا۔ چند مہینوں میں نمایاں تبدیلی ہو گئی۔ اور ایک سال کے بعد وہ ایک سیدھا، ملنسار، خوشرو، تنومند، خوش اور زندگی بدوش لڑکا بن گیا۔ یہ بڑا حیران کن واقعہ تھا۔ ۱۹۵۳ء میں مرکز صحت کے ایک شعبے میں ایسے کم و بیش ڈھائی ہزار مریض گئے اور ان میں سے کم از کم آدھے نمایاں طور پر مستفید ہوئے۔

جس شعبے میں دل کا علاج کیا جاتا ہے وہ مکمل طور پر طبی درکشاپ ہے۔ اس میں دس ڈاکٹر ہیں اور وہ سب کے سب رضاکار ہیں۔ وہ ایک طرف بچوں کی پیچیدہ اور بظاہر خطرناک قلبی امراض کا علاج کرتے ہیں اور دوسری طرف ان بچوں کے مغموم والدین کا ہمدردانہ طور پر دل بڑھاتے رہتے ہیں کہ ان کے بچے صحیح ہاتھوں میں ہیں اور ان کا پوری محنت اور توجہ سے علاج کیا جا رہا ہے۔ اب تک ایسے بچے یہاں آئے جن کے دل کا بڑے پیمانے پر اپریشن کیا گیا اور وہ سب کے سب کامیاب ثابت ہوئے۔ انچارج ڈاکٹر کے الفاظ میں "اگر ان بچوں کو یہ علاج میسر نہ آتا تو وہ چھوٹی ہی عمر میں مر جاتے۔ اب وہ پوری اور مکمل زندگی بسر کر سکیں گے"۔

جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، علاج کی اجرت میں یہ رعایت برتی جاتی ہے کہ وہ بچے کے والدین کی حیثیت کے مطابق ہو لیکن اس سے یتیم خانے کی سی فضا پیدا نہیں ہونے دی جاتی۔ مرکز کے اپنے رکن خود گھروں میں جا کر مناسب معلومات حاصل کرتے ہیں اور ان کا مالی درجہ بھی متعین کرتے ہیں اور اجرت کا تناسب بھی۔ داخل کرنے کے بعد بچوں کا معائنہ کیا جاتا ہے اور ان کو متعلقہ شعبوں میں بھیج دیا جاتا ہے۔ ان شعبوں میں بچوں کے مزاج اور پسند کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مثلاً اگر کسی لڑکی کو عینک کی ضرورت پڑے تو یہی نہیں کہ اسے کم سے کم قیمت پر وہ مہیا کی جاتی ہے۔ بلکہ اسے پورا موقع دیا جاتا ہے کہ وہ ذاتی پسند کی چیز منتخب کر سکے۔ یہ عینکیں متنوع قسم کی ہوتی ہیں کہ پسند کا دائرہ وسیع رہے۔

بچوں کے علاج میں بعض عجیب و غریب باتیں سامنے آتی ہیں۔ مثلاً بعض کے ناک اور کان سے ایسی چیزیں نکالی گئی ہیں جن کا

یقین نہیں کیا جاسکتا۔ مثلاً بٹن۔ شلنے والے ربڑ، مٹر دانہ، بین، لعض کی کونپلیں تک بھوٹ رہی تھیں) کانچ کی چھوٹی گولیاں، وغیرہ وغیرہ۔ ان میں بعض چیزیں برسوں کے بعد نکالی گئیں۔

اس مرکز میں بہرے بچوں کے لئے بھی انتظام ہے۔ اوّل تو اس نقص کا علاج کیا جاتا ہے اگر یہ قابلِ علاج ثابت ہو تو بچوں کو کانوں کے آلے مہیا کئے جاتے ہیں اور انہیں علیحدہ تعلیم دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ آنکھوں، دانتوں اور جلد کے جملہ امراض کا کیا بچوں کی ہڈیوں کی بیماری کا علاج کیا جاتا ہے۔

جسمانی امراض سے کہیں زیادہ مشکل کام نفسیاتی امراض کا ہے۔ اس کے لئے علیحدہ شعبہ ہے اور اس پر خصوصی توجہ صرف کی جاتی ہے۔ اس میں بارہ ماہرینِ نفسیات ہیں۔ یہاں ان بچوں کو رکھا جاتا ہے جو سکولوں میں ایک مسئلہ بن جاتے ہیں۔ تجربہ نے بتایا ہے کہ ان میں زیادہ تعداد لڑکوں کی ہوتی ہے اور وہ سات سے ۹ سال کی عمر کے ہوتے ہیں۔ جب کوئی ایسا بچہ آتا ہے تو پہلے اس کا طبی معائنہ کیا جاتا ہے کیونکہ بعض نفسیاتی امراض غدودوں کے صحیح کام نہ کرنے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس کے بعد نفسیاتی معائنے ہوتے ہیں۔ اگر یہ پتہ چل جائے کہ مرض نفسیاتی ہے تو پھر ماہرینِ نفسیات "علاج" شروع کر دیتے ہیں۔ وہ بچے کے ساتھ ساتھ رہتے ہیں۔ اس سے باتیں کرتے ہیں، کھیلتے اور ان کے اٹھنے بیٹھنے میں کہیں مزاحمت نہیں کرتے۔ جب تک بچے سامان کو نقصان نہیں پہنچاتے یا ڈاکٹر پر حملہ نہیں کرتے انہیں ہر قسم کی آزادی دی جاتی ہے۔ یہ علاج بچوں تک محدود نہیں رہتا۔ ماہرِ نفسیات تو بچے کو سنبھالتا ہے اور اس کا ساتھی ان والدین سے ملاقات کرتا ہے اور ان کو مناسب ہدایات دیتا رہتا ہے۔ چند ماہ کی توجہ اور علاج سے کم و بیش ۸۰ فی صدی بچے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

نفسیات کے معاملے بھی خوب ہوتے ہیں اور ان کی تشخیص سہل نہیں ہوتی۔ مثلاً ایک لڑکی آئی جو سکول میں جا کر چیخنا شروع کر دیا کرتی تھی۔ بڑی تفتیش کے بعد معلوم ہوا کہ جب وہ چار سال کی تھی تو اس نے اپنے باپ کو گر کر مرتے دیکھا تھا اور اس کا اس کے دل پر ایسا اثر ہوا تھا کہ اس کے دل میں یہ ڈر پیدا ہو گیا تھا کہ کہیں اس کی والدہ بھی اسی طرح اس سے چھن نہ جائے۔ یہ ڈر پیدا تو یوں ہوا لیکن اس نے آہستہ آہستہ اس ڈر کا یہ فائدہ اٹھانا شروع کر دیا تھا کہ اس سے وہ اپنی والدہ پر چھائی رہتی تھی اس سے ماں اور بچی میں ایک ایسا تصادم سا پیدا ہو گیا جس کو وہ دونوں نہ سمجھ سکتے تھے نہ قابو میں لا سکتے تھے۔ یہ بچی جب ڈاکٹر سے پہلے دن ملی تو وہ چیختی ہی رہی لیکن ڈاکٹر نے رنگا رنگ گڑیاں وغیرہ دکھا کر اسے خاموش کرا لیا۔ ایک گھنٹے کے بعد وہ پورے اطمینان سے ڈاکٹر کی گود میں بیٹھی ہوئی تھی۔ آہستہ آہستہ گفتگو، تصویر کشی، کھیل کود وغیرہ سے اس کا ڈر نکال دیا گیا اور وہ بالکل سکول کے قابل ہو گئی۔ ایک نوجوان لڑکا ایسا آیا جس کی نظر کمزور تھی، اسے شدید دردِ سر رہتا تھا اور اس کا مزاج غیر متوازن تھا۔ اس کا معائنہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ اسے کوئی جسمانی عارضہ نہیں۔ اس کا "مرض" اس کی از حد جذباتی ماں تھی، جس نے اسے جذبات میں غرق کیا ہوا تھا۔

یہ مرکز صحت بورڈ آف ایجوکیشن سے پورا پورا تعاون کرتا ہے اور سکولوں سے مل کر کام کرتا ہے۔ اس کے متعلق بجا طور پر کہا گیا ہے کہ اس نے بیماریوں کا علاج کر کے، وباؤں سے نجات دلا کر، سکولوں کا قیمتی وقت بچایا ہے اور اس طرح بے بہا خدمات سرانجام دی ہیں۔

# مجلسِ اقبال

## مثنوی اسرارِ خودی

### باب سوم (مسلسل)

اس کے بعد ہے۔

ہستیٔ مسلم تجلی گاہ او
طورہا بالد ز گرد راہ او

مسلمان کی ہستی ذاتِ رسالت مآبؐ کی تجلی گاہ ہے اور حضورؐ کا مقام اتنا بلند ہے کہ آپؐ کی گردِ راہ سے سینکڑوں طور پیدا ہو جاتے ہیں۔

پیکرم را آفرید آئینہ اش
صبحِ من از آفتابِ سینہ اش

میرا پیکر بھی حضورؐ کے آئینہ کی تخلیق ہے آپؐ ہی کے سینۂ پرنور کی ایک جھلک ہے جس سے میری تاریک رات صبحِ درخشندہ میں تبدیل ہو گئی ہے۔

در تپید دمبدم آرامِ من
گرم تر از صبحِ محشر شامِ من

آپ نے سعی پیہم اور جہادِ مسلسل کا سبق دیا کہ ایک حقیقی مسلم کے لئے آرام و راحت اضطرابِ پیہم کے اندر پوشیدہ ہے۔ اس سے میری شام صبحِ محشر سے بھی زیادہ گرم اور تیز ہے۔

ابرِ آذار است و من بستانِ او
تاک من نمناک از بارانِ او

حضورؐ موسمِ بہار کے ابرِ گہربار کی طرح ہیں اور میں اس گلستان کی طرح ہوں جو اس بادل کے قطرات کو اپنے دامن میں لے اور اس سے زندگی کی نمود اور حسن کی تازگی پیدا ہو۔

چشم در کشتِ محبت کاشتم
از تماشا حاصلے برداشتم

میں نے حضورؐ کی محبت کی کھیتی میں اپنی آنکھ کو بو دیا اس سے میری آنکھ کے سامنے سے حقائق کے پردے اٹھ گئے۔ میں جو کچھ دیکھ رہا ہوں سب اس کا تصدق ہے۔

خاکِ یثرب از دو عالم خوشتر است
اے خنک شہرے کہ آنجا دلبر است

میرے لئے یثرب کی مٹی دونوں جہانوں سے زیادہ محبوب ہے کس قدر حسین اور ٹھنڈک پہنچانے والی ہے وہ بستی جس میں محبوب رہتا ہو۔

اس کے بعد اقبال نے مولانا جامی کی نعت کا ایک شعر لکھا ہے۔ لیکن شعر سے پہلے خود ملا جامی کا تعارف ان الفاظ میں کرایا ہے۔

کشتۂ اندازِ ملا جامی ام
نظم و نثرِ او علاجِ خامی ام
شعرِ لبریزِ معانی گفتہ است
در ثنائے خواجہ گوہر سفتہ است

ملا جامی کے اندازِ بیان کا میں شیدا ہوں۔ وہ نثر میں کچھ کہیں یا نظم میں، اس کے اندر میں اپنی خامیوں کا علاج پاتا ہوں انہوں نے حضورؐ کی تعریف میں ایک بڑا پرمعنی شعر کہا ہے۔ شعر کیا ہے؟ سلکِ بے بہا میں گوہرِ آب دار پرو دیا ہے۔ شعر یہ ہے کہ......

نسخۂ کونین را دیباچہ اوست
جملہ عالم بندگان و خواجہ اوست

کتابِ دو عالم کا دیباچہ حضورِ رسالت مآبؐ ہیں۔ تمام دنیا کے رہنے والے غلام اور آپؐ ان کے آقا ہیں۔

---

خط و کتابت کرتے وقت جواب طلب امور کیلئے جوابی کارڈ لکھئے۔

**مقالاتِ جمال الدین افغانی**
مترجمہ رفعت ایم اے
بیسویں صدی عیسوی

کا تمام تر عالمگیر اسلامی انقلاب صرف اور صرف جمال الدین افغانی کے تصورات و تخیلات کا رہینِ منت ہے مرحوم نے اپنی تحریروں اور تقریروں سے دنیا بھر کے مسلمانوں میں ایک نئی تڑپ اور ایک نئی حرکت پیدا کر دی۔ یہ کتاب اسی مردِ مجاہد کے مقالات کا مجموعہ ہے۔ جس نے مسلمانوں کو موت کی بھیانک غار میں گرنے سے بچایا۔ مجلد۔ رنگین گرد پوش۔ قیمت تین روپے چار آنے۔

**مقامِ جمال الدین افغانی**
سیف الدین ایم اے (عثمانیہ)
ایک ممتاز سیاح، ایک جادو بیان

مفکر کے حالات، خیالات، اور پیامات کا مرقع۔ جو زندگی بھر ملوکیت، وطنیت اور نسلیت کے خونی دیوتاؤں سے جنگ کرتا رہا۔ ہندوستان کے بت کدہ میں اسلامی مملکت (پاکستان) کا تخیل اسی کی شعلہ نوائی کا رہینِ منت ہے۔

مجلد رنگین گرد پوش۔ قیمت تین روپے چار آنے

**مکاتیبِ امام غزالیؒ**
مترجمہ ظہوری
حجۃ الاسلام امام محمد غزالیؒ ایک عدیم

المثال فقیہ، ایک فقید المثال اصولی، ایک بلند مرتبہ فلاسفر اور ایک بیباک داعیٔ حق تھے۔ یہ ان کے عدیم المثال خطوط کا مجموعہ ہے۔ جو انہوں نے اپنے وقت کے علماء، وزراء، بادشاہ اور شاہزادوں کو لکھے۔ ان خطوط میں رعایا کے حقوق، فرماں رواؤں کے فرائض، نفسیاتِ اجتماع، جماعتی زندگی کے موثر اور بہترین نصائح موجود ہیں۔ امام فلسفہ کے خیالات سے آگاہی حاصل کرنے کی بڑی نعمت ہے۔ مجلد رنگین گرد پوش، قیمت تین روپے

**نفیس اکیڈمی**
بلاسس اسٹریٹ ۔۔۔ کراچی

# آغاز نزول وحی اور ورقہ بن نوفل

(علامہ تمنا عمادی)

تاریخ اسلام میں سیرت نبویہ کو جس قدر اہمیت ہے محتاج بیان نہیں۔ مگر سب سے پہلے مورخ اسلام ابو جعفر محمد بن جریر الطبری کے حالات سے ناظرین طلوع اسلام اچھی طرح واقف ہو چکے ہیں۔ مگر تاریخ سے کہیں زیادہ اہمیت حدیثوں کی ہے۔ جن کی چھان بین محدثین نے اپنی بضاعت بھر ضرور کی ہو۔ مگر حدیثوں کے سب سے پہلے جامع محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن عبد اللہ بن شہاب الزہری الایلی کے حالات سے بھی ناظرین طلوع اسلام کافی حد تک واقف ہو چکے ہیں۔ ان دونوں نے سیرت نبویہ کے بیان میں بعض باتیں کچھ اس طرح داخل کر دی ہیں جن سے وہ لوگ جو والذین فی قلوبھم زیغ کے مصداق ہیں۔ یعنی جن کے دلوں میں شکوک و شبہات پیدا ہوتے ہیں وہ راہ حق سے بھٹک جائیں یا خالی الذہن انسان شکوک میں مبتلا ہو جائے۔

صحیح بخاری کا سب سے پہلا باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کی ابتداء کس طرح ہوئی؟ اس باب کی تیسری حدیث کو ملاحظہ فرمایئے۔ جس کو امام بخاری یحییٰ بن بکیر سے وہ لیث بن سعد سے اور لیث عقیل ایلی سے اور وہ ابن شہاب بن زہری سے، اور وہ عروہ بن الزبیر سے اور وہ حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔ یحییٰ بن بکیر اور لیث بن سعد دونوں تو مصری ہیں، لیث تو دراصل اصفہانی تھے۔ قریش کے آزاد کردہ غلاموں میں سے تھے (تہذیب التہذیب جلد ۸ صفحہ ۴۵۹) اسی طرح یحییٰ بن بکیر بھی قریش کے آزاد کردہ غلام تھے۔ باوجودیکہ بخاری و مسلم دونوں ان سے روایت کرتے ہیں۔ مگر ابن حجر اس کا اعتراف کرتے ہیں کہ ابو حاتم کا قول ہے کہ ان کی حدیثیں لکھی جائیں۔ مگر وہ سند و حجت نہیں ہیں۔ امام نسائی نے ان کو ضعیف اور غیر ثقہ کہا ہے۔ امام مالک کا کاتب حبیب بن ابی حبیب جو مشہور وضاع و کذاب اور مفتری تھا۔ اس کے یہ شاگرد تھے۔ اور اسی کے ذریعے سے مؤطا کی روایت کیا کرتے تھے۔ اور امام مالک کی طرف منسوب کر کے ایسی ایسی حدیثیں روایت کیا کرتے تھے۔ جن کو ان کے سوا اور کوئی روایت نہیں کرتا تھا۔ امام بخاری نے خود تاریخ صغیر میں لکھا ہے کہ ابن بکیر جو تاریخی باتیں اہل حجاز سے روایت کرتے ہیں میں ان کی نفی کرتا ہوں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱۔ صفحہ ۲۳۸)

یہ دونوں یحییٰ بن بکیر اور لیث بن سعد عجمی الاصل قریشیوں کے آزاد کردہ غلام مصر میں رہتے تھے۔ اور عقیل بن خالد بن عقیل ان کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا آزاد کردہ غلام ابن حجر لکھتے ہیں۔ مگر یہ نہیں ان کے باپ خالد بن عقیل آزاد کردہ غلام ہوں گے۔ یہ ابن شہاب زہری کے ہموطن یعنی مقام ایلہ کے رہنے والے تھے۔ مگر زہری کے خاص شاگردوں میں تھے اور زہری سے ایسی ایسی حدیثیں روایت کرتے تھے جنھیں ان کے سوا کوئی دوسرا روایت نہیں کرتا تھا۔ اور یہی اس حدیث کو ابن شہاب زہری سے روایت کرتے ہیں۔

ابن شہاب کے متعلق ہم نے ترجمہ ابن شہاب زہری مطبوعہ طلوع اسلام میں تہذیب التہذیب کی عبارت بحوالہ جلد و صفحہ نقل کر کے اور دوسرے دلائل سے بھی یہ ثابت کر دیا ہے کہ ابن شہاب زہری کا عروہ بن الزبیر سے حدیثیں سننا باجماع محدثین ثابت نہیں ہے۔ اور نہ قرین قیاس ہے اس لئے یہ حدیث بھی مرسلات محمد بن مسلم ابن شہاب زہری میں سے ہے۔ اور ہم ان کے ترجمہ میں لکھ چکے ہیں کہ ائمہ حدیث کے نزدیک ابن شہاب زہری کی مرسل حدیثیں بمنزلہ الریح ہیں۔

یہی حدیث بخاری کے باب التعبیر کی ابتداء میں بھی انہیں اسناد سے مروی ہے۔ مگر ایک تحویل کے ساتھ جس سے معلوم ہوا کہ امام بخاری نے اس حدیث کو عبد اللہ بن محمد المسندی البخاری سے بھی سنا۔ اور انھوں نے عبد الرزاق بن ہمام سے، انھوں نے معمر سے، انھوں نے زہری سے۔ عبد الرزاق بن ہمام بھی ایک غلام آزاد کردہ تھے حمیریوں کے اور شیعہ تھے۔ جن کو عباس عنبری نے کذاب کہا ہے (تہذیب التہذیب جلد ۶ صفحہ ۳۱۴)

اب چاہے یہ حدیث واقعی ابن شہاب زہری ہی کو منافقین عجم نے تلقین کی ہو۔ یا ان کے بعد والے عجمی اور بوالشکم زاد ہوں اور انھوں نے اس کو غریب زہری کے سر تھوپ دیا ہو۔ بہرحال اس حدیث میں بعض خطرناک من گھڑت اضافے ضرور ہیں، جن کی خطرناکی روایت پرستی کے جذبات سے الگ ہو کر اگر تھوڑا تامل کیا جائے تو صاف طور سے معلوم ہو سکتی ہے، اور پھر درایت قرآنیہ کی مخالفت، عقل سلیم کی مخالفت علاوہ برآں ہے۔

پوری حدیث کی عبارت نقل کر کے اس کا ترجمہ طوالت طلب ہے۔ اس لئے میں صرف ترجمے پر اکتفا کرتا ہوں۔ امام بخاری لکھتے ہیں:

ابن شہاب زہری عروہ بن الزبیر سے اور وہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت صدیقہ نے فرمایا کہ پہلے پہل جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کی ابتداء ہوئی تو رویائے صالحہ (صحیح خواب) نیند میں۔ تو آپ جو خواب بھی دیکھتے تھے۔ وہ نمود سحر کی طرح ظاہر ہو جاتا تھا (یعنی اسکی تعبیر) پھر آپ کو تخلیہ پسند ہوا تو آپ غار حرا میں تخلیہ کرنے لگے اور اس میں تحنث (یکسوئی کے ساتھ عبادت و ذکر) کرنے لگے کئی کئی راتیں، پھر پلٹتے تھے اپنی بیوی (حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا) کے پاس اور کھانے پینے کا سامان لے جاتے تھے پھر جب وہ خرچ ہو جاتا تھا تو (حضرت) خدیجہ (رضی اللہ عنہا) کے پاس واپس آتے تھے اور کھانے پینے کا سامان لے جاتے تھے، یہاں تک کہ آپ کے پاس حق اچانک آ گیا (یعنی وحی آ گئی) اور آپ غار حرا میں تھے۔ تو آپ کے پاس فرشتہ پہنچا۔ اور اس نے کہا کہ پڑھو۔ آپ نے کہا کہ میں پڑھنے والا نہیں ہوں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ کو پکڑ لیا اس فرشتے نے اور بھینچا۔ جہاں تک میں اپنے آپ کو سنبھال سکتا تھا پھر مجھکو چھوڑ دیا پھر کہا کہ پڑھو، تو میں نے پھر کہا کہ میں پڑھنے والا نہیں ہوں۔ پھر اس (فرشتے) نے مجھ کو پکڑا اور بھینچا جہاں تک میں اپنے آپ کو سنبھال سکتا تھا۔ پھر مجھ کو چھوڑ دیا۔ اور پھر کہا کہ پڑھو۔ پھر اس نے مجھکو پکڑا اور بھینچا۔ تیسری بار پھر مجھ کو چھوڑ دیا۔ پھر کہا کہ اقرأ باسم ربک الذی خلق ۔ خلق الانسان من علق ۔ اقرأ و ربک الاکرم تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے واپس آئے، دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ اور حضرت خدیجہ بنت خویلد کے پاس پہنچے اور کہا کہ مجھ کو کمل اڑھاؤ کمل اڑھاؤ۔ تو انھوں نے آپ کو کمل اڑھا دیا۔ یہاں تک کہ آپ کی گھبراہٹ دور ہو گئی تو (حضرت) خدیجہ سے آپ نے پورا واقعہ بیان فرماتے ہوئے کہا کہ مجھ کو اپنی جان کا خطرہ ہے تو خدیجہ نے کہا کہ ہرگز نہیں، اللہ کی قسم اللہ آپ کو کبھی غمگین نہیں کرے گا (یا کبھی رسوا نہیں کرے گا)، تم صلۂ رحم کرتے ہو۔ بیکسوں کا بوجھ اٹھا لیتے ہو، پھر خدیجہ ان کو اپنے ساتھ لے چلیں۔ یہاں تک کہ پہنچیں ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبد العزیٰ اپنے چچیرے بھائی کے پاس۔ اور وہ ایک ایسے شخص تھے جو زمانہ جاہلیت میں نصاریٰ ہو گئے تھے۔ اور عبرانی زبان میں کتاب (انجیل) کا ترجمہ کرتے تھے (کیونکہ انجیل سریانی زبان میں تھی) جب تک اللہ نے چاہا کہ وہ لکھیں اور وہ تھے بہت بوڑھے اندھے ہو گئے تھے تو حضرت خدیجہ نے ورقہ سے کہا کہ اے میرے چچا کے بیٹے (تم اپنے بھتیجے سے (ان کا حال) سنو تو ورقہ نے آپ سے کہا کہ اے میرے بھتیجے! وہ کیا ہے جو تم دیکھتے ہو؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ دیکھا تھا۔ ان سے بیان کیا۔ تو آپ سے ورقہ نے کہا کہ یہی وہ ناموس ہے۔ جس کو اللہ نے موسیٰ پر اتارا تھا۔ کاش کہ میں اس (زمانے) میں جوان رہتا۔ اے کاشکہ میں اس وقت زندہ رہتا۔ جب کہ تمہاری قوم تم کو نکالے گی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حیرت سے) پوچھا

---

لہ حدیث کی عبارت یوں ہے حتی بلغ منی الجھد جس کا لفظی ترجمہ یوں ہوگا۔ یہاں تک کہ اس کا بھینچنا میرے تحمل و برداشت کی آخری حد تک پہنچ گیا۔ میں نے متن میں مفہوم ادا کر دیا ہے۔ ۱۲ تمنا عفرلہ

ٹہ۔ عینی شرح بخاری میں مذکور ہے کہ انجیل سریانی میں ہے۔ اور ورقہ اس کو سریانی سے عبرانی میں ترجمہ کرتے تھے۔ مگر اس زمانہ میں سریانی زبان کے جاننے والے پردۂ دنیا پر کہیں تھے بھی یا نہیں۔ یہی محل تامل ہے۔ اس وقت تو بڑے احبار و رہبان بھی سریانی زبان سے بالکل نابلد تھے۔ جیسا کہ اکثر محققین نے لکھا ہے۔ ۱۲ منہ عفرلہ

کہ کیا وہ لوگ محمدؐ کو نکالنے والے ہوں گے؟ ورقہ نے کہا کہ ہاں کوئی شخص ایسی چیز لے کر نہیں آیا۔ جیسی کہ تم لاتے ہو۔ مگر وہ عداوت کیا گیا۔ اور اگر تمہارے زمانے نے مجھ کو پالیا تو میں تمہاری مدد کروں گا زبردست مدد۔ پھر ورقہ نے کچھ ہی دنوں بعد انتقال کیا۔ اور وحی رک گئی۔[1]

ایسی ہی حدیث ابن جریر طبری۔ احمد بن عثمان معروف بابی الجوزا سے وہ وہب بن جریر سے وہ اپنے باپ جریر بن حازم سے وہ نعمان بن راشد سے اور وہ زہری سے انھیں اسناد کے ساتھ روایت کرتے ہیں، وہب بن جریر اور ان کے باپ جریر بن حازم اور نعمان بن راشد یہ سب بصری ہیں اور نعمان بنی امیہ میں سے کسی کے آزاد کردہ غلام تھے اور یہ سب کے سب منکر الحدیث ضعیف الحدیث تھے۔ غرض ابن جریر کی اس متابعت سے کوئی تقویت اس حدیث کو نہیں پہنچی خصوصاً جب وہ متابعت ضعیف الحدیث منکر الحدیث راویوں سے مروی ہو۔ پھر خصوصاً جب کہ سب ابن شہاب ہی تک پہنچتے ہوں۔

ابن جریر نے ایک روایت اور بہم پہنچائی ہے۔ جس کو وہ محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب سے، وہ عبد الواحد بن زیاد سے۔ وہ سلیمان الشیبانی سے اور وہ عبد اللہ بن شداد سے روایت کرتے ہیں۔ اور ابن شداد بلا واسطہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ عبد الواحد بن زیاد بصری تھے مگر کوفے میں بھی رہا کرتے تھے۔ اعمش جو مشہور شیعہ محدث تھے اور اہل سنت میں بھی بڑے محدث مانے جاتے تھے مگر محدثین نے ان کو مفسد حدیث اہل الکوفہ کہا ہے۔ ان کے یہ خاص شاگرد تھے۔ اور جن حدیثوں کو حضرت اعمش اپنے اکابر تلامذہ یعنی اہل سنت محدثین کے سامنے پیش نہیں کر سکتے تھے ان کو عبد الواحد بن زیاد جیسے خاص شاگردوں کے ذریعہ عوام میں پھیلایا کرتے تھے۔ اور حضرت اعمش کے اس کام میں رفیق کار ان کے ہم خیال و ہم مذہب و ہم مشرب اور پھر ہمعصر بھی ابو اسحٰق السبیعی بھی تھے۔ اسی لئے ان لوگوں کے لیے ایسے خاص تلامذہ ان دونوں کے مشترک اور غیر مشترک رہتے تھے۔ جن کا کچھ ذکر میں نے اپنے رسالہ المکتبہ فی ذکر الاصحاب[2] الستۃ میں کسی قدر تفصیل کے ساتھ کیا ہے۔

ابن جریر کی پہلی حدیث جس کو وہ احمد بن عثمان النوفلی البصری سے روایت کرتے ہیں۔ ان کے متعلق یہ سمجھنا صحیح نہیں ہے کہ یہ نوفل بن عبد مناف کی اولاد میں سے اور ورقہ بن نوفل یا ان کے بھائیوں میں سے کسی سے نسبی لگاؤ رکھتے ہیں۔ بلکہ یہ بنی نوفل میں سے کسی کے آزاد کردہ غلام تھے۔ اسی لئے ان کے آباؤ اجداد میں سے کسی کا تعلق بھی مکہ سے کبھی نہیں رہا ۲۴۶ھ میں انھوں نے وفات پائی۔ ان کے اجداد میں جو عبد اللہ بن سنان کا نام آتا ہے۔ وہ عبد اللہ بن سنان صحابی نہیں ہیں۔ کیونکہ صحابی جو تھے وہ نوفلی نہیں تھے۔ بلکہ وہ مزنی تھے البتہ احمد بن عثمان النوفلی کے اجداد میں جو عبد اللہ بن سنان تھے ممکن ہے کہ وہ عبد اللہ بن سنان ہوں جو شیعہ تھے۔ اور اصول کافی (حدیث شیعہ) میں حضرت ابو عبد اللہ جعفر صادق سے روایت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ غالباً انہیں کا ذکر ابن حجر نے لسان المیزان جلد ۳ صفحہ ۲۹۰ میں کیا ہے۔ مگر ان کو نوفلی نہیں بلکہ زہری لکھا ہے۔ یعنی وہ لکھتے ہیں عبد اللہ بن سنان الزہری الکوفی نزیل بغداد جو ہشام بن عروہ بن الزبیر سے روایت کرتے ہیں انھیں ضعیف الحدیث لکھا ہے۔ ممکن ہے کہ تفرقہ پیدا کرنے کے لئے شیعہ ائمہ رجال نے ان کو نوفلی قرار دیدیا ہو۔ بہرحال یہ احمد بن عثمان النوفلی معروف بابی الجوزاء محض بخاری کے رادی ہیں۔ مگر مسلم، ترمذی، اور نسائی میں ان کی دو ایک حدیث مروی ہے، اس لئے صرف ابو حاتم نے ان کو ثقۃ لکھدیا ہے اور نسائی نے لا باس بہ کہا ہے اور لا باس بہ کا مفہوم ائمہ فن کے نزدیک یہ ہے کہ غیرہ خیر منہ۔ یعنی اس کے سوا ہر دوسرا راوی اس سے اچھا ہے۔ اور باقی تمام ائمہ رجال نے ان کے متعلق خموشی اختیار کی ہے۔ احمد بن عثمان روایت کرتے ہیں وہب بن جریر بن حازم سے۔ یہ بھی لیس بہ باس ہیں۔ بلکہ بعضوں نے ان کے متعلق کچھ کلام بھی کیا ہے۔ شعبہ سے چار ہزار حدیثیں روایت کرتے تھے۔ مگر امام احمد فرماتے ہیں کہ انھوں نے شعبہ سے کچھ بھی نہیں سنا۔ ابن حبان نے ان کو حدیثوں میں خطا کا مرتکب بھی لکھا ہے۔ یہاں تک تو تہذیب التہذیب میں ہے۔ اور امام ذہبی میزان الاعتدال جلد ۳ صفحہ ۲۱ ترجمہ محمد بن اسحاق میں لکھتے ہیں کہ امام یحیٰی بن سعید القطان نے عبد اللہ القواریری سے پوچھا کہ تم کہاں جا رہے ہو؟ انھوں نے کہا کہ وہب بن جریر کے پاس سیرت لکھنے کے لئے، یحیٰی القطان نے فرمایا تکتب کذبا کثیرا تم بہت ساری جھوٹی باتیں لکھ لاؤ گے۔

وہب بن جریر اس حدیث کو اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں۔ ان کا بھی حال سن لیجئے، جریر بن حازم اور بھی مجروح ہیں۔ ان پر خطاء و وہم کے علاوہ منکر حدیثیں روایت کرنے کا بھی الزام ہے۔ اور الٹ پلٹ حدیثیں روایت کرنے کا بھی اور تدلیس کا بھی۔

جریر صاحب اس حدیث کی روایت نعمان بن راشد سے کرتے ہیں۔ جن کو امام بخاری نے ضعفاء میں شمار کیا ہے یحیٰی بن معین ضعیف لیس بشیء کہتے ہیں۔ نسائی نے ضعیف کثیر الخطاء لکھا ہے۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ ان کی حدیثیں الٹ پلٹ ہیں، اور متعدد لوگوں نے ضعیف لیس بالقوی مضطرب الحدیث، منکر الحدیث وغیرہ کہا ہے

یہی نعمان بن راشد اس حدیث کو حسب روایت ابن جریر الطبری زہری سے اور وہ عروہ بن الزبیر سے اور وہ حضرت ام المومنین صدیقہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ اور میں لکھ چکا ہوں تہذیب التہذیب کے حوالے کے ساتھ کہ زہری کا عروہ بن الزبیر سے حدیثوں کا سننا باجماع محدثین ثابت نہیں۔ اس لئے بخاری کی روایت بھی بمنزلۃ الریح ہے۔

پھر یہی روایت ابن جریر یونس بن عبد الاعلیٰ سے وہ ابن وہب سے وہ یونس سے اور وہ ابن شہاب زہری سے کرتے ہیں۔ مگر جب ابن شہاب زہری ہی تک یہ سلسلہ بھی پہنچتا ہے۔ تو پھر ادہر کے راویوں کی تنقید میں وقت کیوں ضائع کیا جائے۔

ابن جریر نے ایک دوسری روایت محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب سے، انھوں نے عبد الواحد بن زیاد سے انھوں نے سلیمان الشیبانی سے انھوں نے عبد اللہ بن شداد سے پیش کی ہے۔ جس کو عبد اللہ بن شداد نے بلا واسطہ کسی کے بیان کیا ہے۔ جس میں یہ مذکور نہیں ہے کہ حضرت خدیجہؓ رسول اللہ صلعم کو ساتھ لے کر ورقہ بن نوفل کے پاس گئی تھیں بلکہ صاف طور سے یہ مذکور ہے کہ حضرت خدیجہؓ (خود تنہا) ورقہ کے پاس گئیں۔ اور رسول اللہ صلعم کا پورا واقعہ ان سے بیان کیا۔ ورقہ نے حضرت خدیجہؓ سے کہا کہ اگر تو اس قول میں سچی ہے تو تیرا شوہر ضرور نبی ہے، اور اپنی امت کی طرف سے اس کو سختی پہنچے گی۔ اگر مجھ کو اس کا وقت ملا تو میں اس پر ایمان لے آؤں گا۔

ماہنامہ طلوع اسلام کے
پرانے پرچے

ماہنامہ طلوع اسلام کے جو پرانے پرچے دفتر میں موجود ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱۹۴۹ء آگست۔ ستمبر۔ نومبر۔ دسمبر
۱۹۵۱ء جون، ستمبر، اکتوبر، نومبر
۱۹۵۲ء آگست تا نومبر
۱۹۵۳ء جنوری و اکتوبر کے علاوہ سب
۱۹۵۴ء پورے سال کے

یہ پرچے بزم ہائے طلوع اسلام کو چوتھائی قیمت پر اور دیگر احباب کو آدھی قیمت پر دیدیئے جائیں گے۔ خواہشمند حضرات اپنی فرمائشیں جلد بھیجیں۔ ورنہ ختم ہو جانے کا احتمال ہے۔

ناظم ادارہ طلوع اسلام۔ کراچی

[1] حدیث بخاری کی اصل عبارت یوں ہے ثم لم ینشب ورقۃ ان توفی وفتر الوحی۔ لم ینشب بمعنی لم یلبث یعنی اس واقعہ کے بعد ورقہ زندہ نہ رہے یا کسی اور کام میں مشغول ہو گئے۔ یہاں تک کہ وفات پائی اور وحی کا سلسلہ موقوف ہو گیا۔ ۱۲ منہ غفرلہٗ

[2] یعنی وہ چھ ائمہ حدیث جن کے اندر صحاح کی تقریباً تمام حدیثیں منحصر ہیں۔ اور صحاح سے باہر کی حدیثیں بھی انہیں میں سے کسی نہ کسی تک منتہی ہوتی ہیں۔ ۱۲ منہ غفرلہٗ

اس روایت کا سلسلہ ہی منقطع ہے۔ عبداللہ بن شداد نے کس سے سن کر بیان کیا۔ یہ اس روایت میں مذکور نہیں۔ یہ اگرچہ کوفہ میں نہ رہتے تھے۔ مگر ابن حجر لکھتے ہیں کان یا تی الکوفۃ یہ کوفہ میں برابر آیا کرتے تھے۔ شیعہ تھے۔ کبھی تقیہ کرکے اپنے کو عثمانی بھی ظاہر کر دیتے تھے۔ غالباً حجاج بن یوسف کو خوش کرنے کے لئے عثمانی بن گئے ہوں گے۔ اسی لئے ابن سعد نے لکھ دیا کہ کان عثمانیاً یہ عثمانی تھے۔ مگر ابن حجر نے اس پر تعجب کا اظہار کیا ہے۔ اور دو جگہ ان کے شیعہ ہونے کا ذکر کیا ہے۔ حجاج کے ہی زمانہ میں یہ قتل کئے گئے۔ شاید ان کا تقیہ ظاہر ہو گیا ہو۔ ۸۱ھ یا ۸۲ھ میں ان کی وفات ابن حجر لکھتے ہیں۔ بزمانہ حجاج۔

ابن جریر نے ایک اور لمبی چوڑی حدیث حضرت عبداللہ بن زبیر سے روایت کی ہے۔ جس کو وہ ابن حمید وہ سلمہ سے۔ وہ محمد بن اسحاق سے، وہ وہب بن کیسان سے اور وہ عبداللہ بن الزبیر سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث میں اور بھی تفصیلات ہیں۔ جو دوسری حدیثوں میں نہیں ہیں۔ اس میں وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ میں سویا ہوا تھا کہ فرشتہ میرے پاس ایک ریشمی رومال لے کر آیا جس میں ایک کتاب تھی۔ اس کو پیش کرکے اس نے کہا کہ پڑھو۔ میں نے کہا کہ میں پڑھا نہیں ہوں تو انھوں نے مجھ کو بھینچا، یہاں تک کہ میں یہ سمجھا کہ بس اب یہ موت ہی ہے۔ پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا پھر کہا کہ پڑھو میں نے کہا کون سی چیز میں پڑھوں۔ اور میں یہ نہیں کہتا تھا مگر اس توقع پر کہ وہ پھر میرے ساتھ ایسا ہی کرے۔ تو اس نے کہا اقرأ باسم ربك الذی خلق ...... علم الانسان مالم یعلم تک تو میں نے اس کو پڑھ دیا۔ پھر وہ رک گیا۔ اور میرے پاس سے چلا گیا۔ پھر میں اپنی نیند سے بیدار ہوا۔ اور گویا اس نے میرے دل میں[1] کتاب لکھ دی۔ اور اللہ کی مخلوق میں سے کوئی چیز ایسی جس سے مجھ کو بغض ہو نہیں۔ شاعر[2] اور مجنوں سے زیادہ۔ میں ان دونوں کی طرف دیکھ نہیں سکتا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ بربادی ہے شاعر اور مجنوں کے لئے اور اس سے مراد لیا اپنے نفس کو ایسا نہ ہو کہ قریش میرے بارے میں ایسے الفاظ بولنے لگیں۔ میں پہاڑ کی کسی چوٹی پر پہنچ کر اپنے آپ کو گرا دوں گا۔ اور اپنے کو قتل کرکے راحت حاصل کروں گا۔ (یہ سوچ کر) میں چلا جب بیچ پہاڑ پر پہنچا تو ایک آواز سنی جو آسمانی آواز تھی کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ اے محمد! تم اللہ کے رسول ہو اور میں جبرئیل ہوں۔ تو میں نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا تو مجھ کو جبرئیل ایک انسانی صورت میں نظر آئے۔ ان کے دونوں قدم آسمان کے کنارے پر تھے کہہ رہے تھے کہ اے محمد تم رسول اللہ ہو اور میں جبرئیل ہوں تو میں ٹھہر کر ان کی طرف دیکھنے لگا۔ اور جو کچھ سوچ کر چلا تھا اس کی طرف سے غافل ہو گیا۔ تو پھر نہ آگے بڑھ سکا۔ اور نہ پیچھے ہٹ سکا۔ پھر میں ادھر ادھر آسمان کے کناروں پر نظر دوڑانے لگا۔ تو جس طرف نظر لے جاتا تھا۔ ان کو اسی طرح اس طرف دیکھتا تھا۔ اسی طرح میں کھڑا دیکھتا رہا۔ نہ آگے بڑھتا نہ پیچھے ہٹتا۔ یہاں تک کہ خدیجہ نے کچھ لوگوں کو میری تلاش میں بھیجا آخر وہ لوگ ناکام کر واپس گئے خدیجہ کے پاس۔ اور میں یہاں اپنی جگہ پر کھڑا تھا۔ پھر جبرئیل میری نظروں سے اوجھل ہو گئے تو میں خدیجہ کے پاس چلا آیا اور خدیجہ کے پہلو میں بیٹھ گیا۔ انھوں نے پوچھا کہ اے ابوالقاسم! تم کہاں تھے؟ میں نے تمہاری کھوج میں آدمی دوڑائے تھے، آخر وہ ناکام میرے پاس واپس آ گئے۔ آپ نے کہا کہ میں نے کہا کہ بربادی ہے شاعر یا مجنوں کے لئے۔ خدیجہ نے کہا کہ میں ان چیزوں سے تمہارے لئے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں اے ابوالقاسم! اللہ تمہارے ساتھ ایسا کبھی نہیں کرے گا۔ باوجود اس کے جو میں جانتی ہوں تم میں باتوں کی سچائی اور امانت داری کی عظمت اور حسن اخلاق اور صلہ رحم۔ تو کیا ہے اب میرے چچا کے بیٹے! شاید تم نے کچھ دیکھ لیا ہے۔ تو میں نے کہا کہ ہاں۔ تو میں نے جو کچھ دیکھا تھا۔ اس کو ان سے بیان کیا۔ انھوں نے کہا کہ اے میرے چچا کے بیٹے! تمہیں خوشخبری ہو۔ تم مطمئن رہو۔ قسم اس کی جس کے ہاتھ میں خدیجہ کی جان ہے۔ مجھ کو امید ہے کہ تم اس امت کے نبی ہو جاؤ۔ پھر کھڑی ہو گئیں اور اپنے لباس درست کئے۔ پھر وہ گئیں۔ ورقہ بن نوفل بن اسد کے پاس۔ اور وہ ان کا چچیرا بھائی تھا۔ اور وہ عیسائی ہو گیا تھا۔ اور پڑھی تھی کتابیں اور سنا تھا توراۃ و انجیل والوں سے۔ تو خدیجہ نے ان باتوں سے

---

[1] بغیر کتاب پیش کئے اقرأ و اور ما انا بقاری کا مکالمہ صحیح نہیں ہو سکتا۔ اس کو بن جریر نے محسوس کیا۔ اس حدیث کو ابن جریر سلمہ سے اور وہ محمد بن اسحاق صاحب المغازی سے اور وہ وہب بن کیسان سے اور وہ عبداللہ بن زبیر سے روایت کرتے ہیں کہ عبداللہ بن زبیر نے عبید بن عمیر بن قتادہ اللیثی سے کہا کہ اے عبید! مجھ سے بیان کرو کہ رسول اللہ صلعم کی بعثت کی ابتدا کس طرح ہوئی؟ تو انھوں نے بیان کیا الخ۔ اس سلسلہ اسناد میں سب سے پہلی بات یہ جان لینا ضروری ہے کو سلمہ نام کا کوئی راوی حدیث ثلاثت کی دنیا میں نہیں گزرا۔ یہ طباعت کی غلطی ہے کہ تکلہ کو سلمہ بنا دیا گیا سلمہ بن الفضل محمد اسحق صاحب مغازی کے شاگرد رشید تھے۔ اور ان کی کتاب المغازی کے یہی اصل راوی ہیں۔ انھیں سے یہ کتاب پھیلی مگر شیعہ تھے۔ منکر الحدیث تھے۔ لا یحتج بہ تھے اور ابو زرعہ نے ان کے متعلق کذب کا اشارہ کیا تھا (تہذیب التہذیب جلد ۴ صفحہ ۱۵۳) جمعی تو یہ ابو جعفر بن جریر الطبری کے استاد تھے۔ اگرچہ ابن حجر نے ان کے تلامذہ میں ابن جریر کا ذکر نہیں کیا ہے مگر ابن جریر تو تدلیس کے اساتذہ سے بھی بغیر ان سے کچھ سنے ہوئے روایت کر دیتے تھے۔ اگر ان سے بھی تدلیس کر دی تو کیا حرج ہے ان سلمہ بن الفضل کی وفات ابن حجر ۱۹۱ھ میں لکھتے ہیں۔ محمد بن اسحٰق صاحب المغازی چونکہ سب سے پہلے جامع مغازی تھے۔ اس لئے مورخین نے ان کی اتنی اہمیت بڑھا دی کہ آخر محدثین کو بھی ان کو ثقہ ماننا پڑا۔ مگر امام مالک ان کو دجّالوں میں سے ایک دجال لکھتے تھے۔ ابن حجر اس کا اعتراف کرتے ہیں کہ ان پر قدریہ ہونے کا الزام تھا۔ اور اس کے علاوہ بھی بعض بدعات سے متہم تھے۔ ان پر بھی الزام ہے کہ یہ مجہول و غیر معروف لوگوں سے حدیثیں روایت کرتے تھے۔ ان کی ایک ہزار حدیثیں ایسی ہیں جن کو ان کے سوا کوئی بھی روایت نہیں کرتا۔ امام احمد بن حنبل نے ان پر یہ بھی الزام لگایا ہے کہ دوسروں کی حدیثیں دیکھ کر ان کی حدیثیں اپنی کتاب میں نقل کر لیتے تھے۔ اور امام احمد نے ان پر تدلیس کا بھی الزام دیا ہے۔ اور پھر سدی و کلبی جیسے مشہور کذابوں سے بھی روایت کرنے سے باز نہیں آتے تھے۔ امام احمد اور یحییٰ بن معین وغیرہ جلتے ان کو لیس بحجۃ لکھتے ہیں۔ ہشام بن عروہ سلیمان التیمی یحییٰ بن سعید القطان اور وہب بن خالد جیسے ان کو جھوٹا کہتے ہیں۔ یہودیوں کی اولاد سے جا جا کر رسول اللہ صلعم کے غزوات کا حال پوچھ پوچھ کر اپنی کتاب المغازی میں لکھتے تھے مگر محدثین کی ایک جماعت خصوصاً متاخرین ان کی پالش میں انگلوں کی جرحوں کی تاویلیں بھی کرتی رہی ہے تو پھر متقدمین و متاخرین کے درمیان دارقطنی نے یہ فیصلہ کیا کہ بہرحال ان کی حدیثیں سند و حجت نہیں ہیں۔ یہ سب تو تہذیب التہذیب میں ہے میزان الاعتدال میں ہے کہ دارقطنی نے کہا کہ سیرت نبوی میں انھوں نے بہت سی باطل اور انکار حدیثیں روایت کی ہیں اور جھوٹے اشعار نقل کئے ہیں۔ ابن اسحاق کی صفائی میں ابن عیینہ کا قول پیش کیا جاتا ہے کہ انھوں نے کہا "میں ابن اسحاق کے ساتھ ستر برس سے کچھ زیادہ بیٹھا ہوں کبھی اہل مدینہ کو ان کے متعلق کچھ کہتے نہیں سنا۔" ابن عیینہ کی ولادت ۱۰۷ھ میں کوفہ میں ہوئی۔ ۱۶۳ھ میں وہ کوفہ سے کہ مکہ چلے گئے اور مرتے دم تک وہیں رہے (تہذیب التہذیب جلد ۴ صفحہ ۱۲۲) جس سے معلوم ہو گیا کہ ابن عیینہ کی عمر کوفہ چھوڑ کر مکہ آتے کے وقت ۵۶ برس کی تھی۔ اور ۱۵۱ھ میں ۹۱ برس کی عمر میں ابن عیینہ کی وفات ہے۔ تو یہ ۵۶ برس کوفہ میں رہے اور باقی ۳۵ برس مکہ میں رہے۔ اور ابن اسحٰق مدنی تھے مگر مدینہ سے اپنی عمر کے ابتدائی حصہ میں باہر نکل گئے تھے۔ اور اسکندریہ و مصر وغیرہ ہوتے ہوئے کوفہ پہنچے تھے۔ اور وہیں رہ گئے۔ کیونکہ یہ جگہ ان کی طبیعت کے بالکل موافق تھی۔ تو پھر ابن عیینہ کو کب موقع ملا کہ ستر برس سے کچھ زیادہ مدت تک ابن اسحٰق کے ساتھ بیٹھیں؟ یہ ابن عیینہ پر صریحاً تہمت ہے۔ بہرحال اس کو خوب یاد رکھنا چاہیے کہ ابن اسحٰق کی کتاب المغازی کے اصل راوی بھی ایک شیعہ ہی ہیں یعنی سلمہ بن الفضل اور وہ ابن جریر کے استاد تھے اور وہ منکر الحدیث۔ لا یحتج بہ اور متہم بکذب بھی تھے۔ اس روایت میں کہا گیا ہے کہ عبداللہ بن الزبیر نے عبید بن عمیر بن قتادہ اللیثی سے آغاز بعثت نبوی کا حال پوچھا۔ یہ عجیب و غریب بات ہے کہ عبداللہ بن الزبیر ہجرت کے پہلے یا دوسرے سال میں پیدا ہوئے تھے۔ اور وہ مہاجرین میں پہلی اولاد ہیں جو مدینے میں پیدا ہوئے۔ وفات نبوی کے وقت نو دس برس یا اس سے کم آٹھ برس کے ضرور تھے۔ اسی لئے صحابہ میں شمار کئے جاتے ہیں اور عبید بن عمیر بن قتادہ اللیثی کی ولادت رسول اللہ صلعم کے زمانہ میں ہوئی تھی۔ انھوں نے حضرت آنحضرت کو دیکھا تھا۔ اس لئے استیعاب ج ۲ صفحہ ۴۲۸ میں ان کو کبار تابعین میں لکھا ہے۔ یقیناً یہ حضرت عبداللہ بن الزبیر سے چھوٹے تھے۔ اور کہیں قصہ خوانی کیا کرتے تھے۔ عبداللہ بن الزبیر کو اگر فقط ایک قصہ سننا تھا تو کوئی اور قصہ ان سے کہنے کی فرمائش کرتے۔ رسول اللہ صلعم کے حالات تو ان سے زیادہ یہ خود جانتے تھے۔ اور اگر پوچھنا ہی تھا تو ابو سعید خدری، سلمہ بن الاکوع، رافع بن خدیج اور عبداللہ بن عمر وغیرہم اجلہ صحابہ ان کے وقت میں موجود تھے کیا ان لوگوں سے زیادہ سیرت نبویہ کے جاننے والے عبید تھے؟ غرض ان تصریحات سے صاف ظاہر ہے کہ یہ روایت بھی بالکل من گھڑت ہی ہے۔ چاہے ابن جریر کی طبعزاد ہو چاہے ان کے استاد سلمہ بن الفضل کی، چاہے ان کے استاد الاستاد محمد بن اسحٰق کی۔ واللہ اعلم۔ تمنا عمادی عفی عنہ۔

[2] اس روایت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آمد جبرئیل و آغاز نزول وحی کا سارا واقعہ عالم خواب کا تھا۔ ۱۲ منہ غفرلہ۔ مجنوں تو خیر مجنوں ہے شاعر سے اس قدر بغض کی کون سی وجہ ہو سکتی ہے۔ شعراء تو زمانہ جاہلیت میں بڑی عزت کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ شاعر و مجنوں دونوں کو ایک ہی حیثیت کیوں دے دی گئی؟ مجنوں سے نفرت تو عقل میں آتی ہے۔ شاعر سے اسی قسم کی نفرت کیوں تھی؟ عقل اس کی توجیہہ صحیح سے عاجز ہے۔ ۱۲ منہ۔ (لیکن قرآن نے خود کہا ہے کہ شاعری ایک پیغمبر کے شایان شان نہیں۔ طلوع اسلام)

ورقہ کو باخبر کیا۔ جو باتیں محمد رسول اللہ صلعم نے ان سے کہی تھیں کہ انہوں نے یہ دیکھا اور یہ سنا۔ تو ورقہ نے کہا کہ قدوس قدوس، قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں ورقہ کی جان ہے اگر تو نے اے خدیجہ مجھ سے سچ کہا ہے۔ تو اس کے پاس ناموس اکبر آیا۔ ناموس سے ان کی مراد جبرئیل تھے علیہ السلام جو موسیٰ کے پاس آتے تھے۔ اور بلاشبہ اس امت کے نبی ہیں۔ ان سے جا کر کہہ وہ مطمئن رہیں۔ تو خدیجہ آئیں اور رسول اللہ صلعم سے ورقہ کی باتیں دہرائیں۔ تو آپ کو جو تردد تھا۔ اس کا کچھ حصہ دور ہو گیا تو جب آپ اپنا اعتکاف پورا کر چکے۔ اور مقام اعتکاف سے واپس آئے۔ اور حسب معمول پہلے طواف کعبہ کیا تو وہاں ورقہ بن نوفل سے بھی ملاقات ہو گئی کہ وہ بھی طواف کر رہے تھے تو ورقہ نے کہا کہ اے بھتیجے جو کچھ تم نے دیکھا اور سنا ہے مجھ سے بیان کرو۔ تو آپ نے بیان کیا تو ورقہ نے کہا کہ قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم بے شک اس امت کے نبی ہو۔ اور تمہارے پاس وہی ناموس اکبر آیا جو موسیٰ کے پاس آتا تھا۔ (اس کے بعد کہا) ولتکذبنہ[1] ولتوذینہ ولتخرجنہ ولتقاتلنہ (پھر کہا) اور اگر میں نے اس (وقت) کو پالیا تو اللہ کی ایسی مدد کروں گا۔ جس کو وہ جانتا ہے۔ پھر آپ کے سر کو جھکا کر انہوں نے آپ کی چاندی کا بوسہ لیا۔ پھر آپ اپنی منزل میں چلے آئے۔ اور آپ کی وہ گھبراہٹ وغیرہ دور ہو گئی۔

اس حدیث کے بعد بھی ایک مہمل سی بلکہ مکروہ حدیث ابن جریر نے نقل کی ہے۔ مگر مجھ کو تو سب سے معتبر کتاب جو سمجھی جاتی ہے صحیح بخاری وہ اصل اسی کی روایت کو اس وقت اپنا مرکز بحث بنانا ہے۔ اس لئے دوسری کتابوں میں اس مفہوم کی جو جو حدیثیں ہیں۔ ان کو نظر انداز کر کے یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ منافقین عجم نے تابعین و اتباع تابعین کے لباس میں اوڑھ اوڑھ کر کس کس طرح قرآن اور رسول اللہ صلی اللہ وسلم کی ذات مبارک پر پوشیدہ حملے کئے ہیں۔

مذکورہ بالا روایات کو سامنے رکھئے تو بادنےٰ تامل متعدد سوالات ذہن میں پیدا ہوتے ہیں۔

(۱) کیا واقعی نبوت سے پہلے رسول اللہ صلعم نے غار حرا میں تحنث کرنا شروع کر دیا تھا۔

(۲) کیا اہل عرب یا قریش کا یہ معمول تھا کہ پہاڑوں کے غاروں میں چھپ کر تحنث یعنی عبادات الٰہی کیا کریں؟ جیسا کہ ابن جریر نے عبداللہ بن الزبیر والی حدیث کے شروع میں لکھا ہے کہ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجاور فی حراء من کل سنۃ شھرا وکان ذلک مما تحنث بہ قریش فی الجاھلیۃ الخ یعنی رسول صلعم حرا میں اعتکاف کرتے تھے۔ ہر سال ایک مہینہ اور اس تحنث یا عبادت و اعتکاف کا دستور قریش میں تھا۔ جاہلیت کے زمانے میں وہ کیا کرتے تھے۔

ان دونوں سوالوں کے جواب میں بطور مصادرہ علی المطلوب یہی حدیث اور اس کی کچھ متابعت میں جو الٹی سیدھی ذخائر روایات میں مل جاتی ہیں پیش کر دی جاتی ہیں۔ ورنہ رسول اللہ صلعم کی طرف جو غار حرا میں تحنث کی نسبت کر کے اس کو شہرت دی گئی ہے۔ اس کے سوا خاندان قریش میں کبھی کسی کے تحنث کی کوئی سند نہ ابن جریر نے کہیں پیش کی۔ اور نہ آج کوئی پیش کر سکتا ہے۔ تحنث تو رہبانیت کی ایک چھوٹی سی شاخ ہے۔ اس سے قریش اور اہل مکہ کو کیا سروکار؟ اگر تحنث کا یہ واقعہ صحیح ہوتا تو قرآن میں اس کی طرف کوئی اشارہ ضرور کیا جاتا۔ اور قرآن میں ایسے متعدد مقامات ہیں۔ جہاں آپ کی قبل نبوت کی گذشتہ زندگی کے بعض واقعات یا بعض اوقات یاد دلائے گئے ہیں۔ وہاں اس تحنث و تبتل کا ذکر ضرور کیا جاتا۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام کو دیکھ کر اور نزول وحی سے اس قدر متوحش اور خوفزدہ ہو جانا۔ اور منصب نبوت و رسالت کو آپ کا کچھ نہ سمجھنا۔ بلکہ خلعت نبوت و تشریف رسالت سے سرفراز ہونے کے بعد اپنی جان کو خطرے میں گھبرانا، بلکہ اپنے کو شاعر یا مجنوں سمجھنا۔ اور دوسروں کی طعنہ زنی کی وجہ سے اپنے کو ہلاک کر ڈالنے کا ارادہ کرنا، ایک ایسی عجیب و غریب بات ہے۔ جس کو بادۂ روایت پرستی کی سرشاری ہی میں لوگ قبول کر سکتے ہیں۔ ورنہ کسی انسان کی عقل سلیم ان باتوں کو کبھی تسلیم نہیں کر سکتی کہ چالیس سال کا ایک افصح العرب والعجم جو منصب نبوت و رسالت کے لئے منجانب اللہ منتخب ہو رہا ہو۔ وہ اتنا بھولا بھالا ہو کہ جن باتوں کو سن کر ایک عورت ذات سمجھ لیتی ہے۔ ان باتوں کو اس کے سمجھانے کے بعد بھی وہ نہیں سمجھتا۔ اور اتنے بڑے جلیل القدر منصب کو وہ اپنے لئے ایک مصیبت سمجھ لیتا ہے۔ یہاں تک کہ اپنے کو شاعر یا مجنوں سمجھ کر خیال کرتا ہے کہ اگر دوسرے لوگ میرے ان حالات کو سن لیں گے تو مجھ کو شاعر یا مجنوں کہنے لگیں گے تو قبل اس کے کہ لوگوں کو میرے حالات کا علم ہو اور لوگ مجھ کو شاعر یا مجنوں کہیں بہتر ہے کہ میں اپنے کو پہاڑ کی چوٹی سے گرا کر ہلاک کر دوں۔

غور کرنے کا مقام ہے کہ جب خود نبی مرسل کو منصب نبوت و رسالت پانے کے بعد اپنے پر شاعر یا مجنوں ہونے کا گمان ہونے لگتا ہے۔ تو اگر اس کی باتیں سن کر دوسروں نے اس کو شاعر اور مجنوں کہا۔ تو وہ کس طرح قابل الزام ہو سکتے ہیں

(۳) بخاری کی روایت اور ابن جریر کی پہلی اور دوسری روایت میں تو یہ ہے کہ حضرت خدیجہؓ رسول اللہ صلعم کو ساتھ لے کر ورقہ بن نوفل کے پاس گئی تھیں۔ اور آپ نے ورقہ کے پوچھنے پر سارا ماجرا خود اپنی زبان سے فرما کر ورقہ کو مطلع کیا


کیا آپ نے یہ کتابیں دیکھی ہیں؟

**مزاج شناس رسول** — یہ کون جانتا ہے کہ صحیح احادیث کونسی ہیں اور غلط کونسی؟ مزاج شناس رسول؛ مزاج شناس کون ہیں؟ اس کی تفصیل اس کتاب میں ملے گی۔ ۴۰۰ صفحات ــــ قیمت چار روپے

**مقام حدیث** — حدیث کے متعلق تمام اہم سوالات کے تفصیلی جواب۔ احادیث کے متعلق اتنی معلومات کسی جگہ یکجا نہیں ملیں گی۔ دو جلد — ہر جلد کے قریباً چار سو صفحات۔ اور قیمت فی جلد ــــ چار روپے

**فردوس گم گشتہ** — (از پرویز) ان مضامین کا مجموعہ جنہوں نے تعلیمیافتہ نوجوانوں کی نگاہ کا زاویہ بدل دیا۔ خالص ادبی نقطۂ نگاہ سے۔ اردو لٹریچر کی بلند پایہ تصنیف۔ ۴۰۰ صفحات ــــ قیمت چھ روپے

**نوادرات** — (از علامہ اسلم جیراج پوری) علامہ موصوف کے مضامین کا نادر مجموعہ۔ چار سو صفحات ــــ قیمت چار روپے

**اسلامی معاشرت** — (از پرویز) مسلمان کے عادات و اخلاق کا خاکہ۔ رہنے سہنے کے ڈھنگ۔ سرکاری ملازمین کے فرائض و واجبات۔ انفرادی اور اجتماعی زندگی کا ہر اسلوب قرآنی آئینہ میں۔ صفحات ۱۹۲ ــ قیمت دو روپے

**نظام ربوبیت** — (از پرویز) انسان کے معاشی مسائل کا قرآنی حل اور ذاتی ملکیت کا قرآنی تصور۔ دور حاضرہ کی عظیم کتاب ضخامت تین سو صفحے

قیمت (قسم اول) ــــ چھ روپے

(قسم دوم) غیر مجلد ــــ چار روپے

**اقبال اور قرآن** — (از پرویز) علامہ اقبال کے قرآنی پیغام سے متعلق محترم پرویز صاحب کے انقلاب آفریں مقالات کا مجموعہ

ڈسٹ کور کے ساتھ۔ صفحات دو سو چھپن (۲۵۶) ــــ قیمت دو روپے

تمام کتابیں مجلد ہیں اور گرد پوش سے آراستہ۔ محصول ڈاک ہر حالت میں بذمہ خریدار

ملنے کا پتہ: ادارہ طلوع اسلام۔ پوسٹ بکس نمبر ۳۱۴۳۔ کراچی


[1] معلوم نہیں ان چاروں فعلوں میں غائب کی ضمیر مفعول کدھر پھرے گی جب مقتضائے مقام ان کو یوں ہونا چاہیے ولیکذبنک ولیوذنک ولیخرجنک ولیقاتلنک۔ یعنی لوگ ضرور تمہیں جھٹلائیں گے اور تمہیں ضرور ایذا دیں گے۔ اور تمہیں ضرور نکال دیں گے۔ اور تم سے ضرور قتال کریں گے۔

تھا۔ اسد نے جو کچھ کہا، وہ آپ ہی کو مخاطب کر کے کہا۔ مگر ابن جریر کی دوسری روایتوں میں یہ ہے کہ حضرت خدیجہ تنہا ورقہ کے پاس گئیں۔ اور خود آپ کا حال اپنی زبان سے ورقہ کے سامنے بیان کیا۔ پھر جو کچھ ورقہ نے کہا۔ اس کو گھر آ کر آنحضرت صلعم سے بیان کر کے، آپ کی تسلی و تشفی کی۔

یہ تو حدیثوں کا باہمی اختلاف باعتبار مضمون واقعہ کے ہے۔ مگر ایک پہلو اس میں اس کا بھی نمایاں ہے کہ حضرت خدیجہ کے چچیرے بھائی عیسائی تھے۔ تورات و انجیل کے ماہر تھے۔ سریانی زبان سے عبرانی زبان میں انجیل کا ترجمہ انہوں نے کیا تھا۔ اور انبیائے بنی اسرائیل کے حالات سے پوری طرح باخبر تھے۔ اور تھے قریشی رسول اللہ صلعم کے ہم جد اس لئے ایک کہنے والا کہہ سکتا اور سمجھنے والا سمجھ سکتا ہے کہ ممکن ہے کہ قرآن میں انبیائے بنی اسرائیل اور ان کی امتوں کے جو حالات مذکور ہیں۔ وہ ورقہ ہی سے سن سن کر حاصل کئے گئے ہوں۔ اور ان کو اپنی زبان میں ادا کیا گیا ہو۔ (نعوذ باللہ من تلک الشبہات)

حالانکہ سورہ ہود کے دوسرے رکوع کے آخر میں حضرت نوح اور ان کی امت کی سرگذشت بیان فرما کر ارشاد فرمایا گیا ہے۔

تلک من انباء الغیب نوحیھا الیک ما کنت تعلمھا انت ولا قومک من قبل ھذا۔ یہ محض غیب کی خبریں ہیں، جن کو نہ تم جانتے تھے نہ تمہاری قوم اس سے پہلے جانتی تھی۔ اگر واقعی ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبد العزیٰ جو حضرت خدیجہ کے چچیرے بھائی تھے، تورات و انجیل کے ماہر تھے۔ انجیل کا ترجمہ عبرانی زبان میں کرتے تھے۔ تو کن لوگوں کے لئے کیا۔ عرب خصوصاً مکے والے کیا عبرانی جانتے تھے۔ جن کے لئے وہ عبرانی میں ترجمہ کر رہے تھے۔ لوگ اس روایت سے کھٹک محسوس نہ کریں۔ اس لئے عربی میں ترجمہ کرنے کا ذکر نہ کیا۔ عبرانی لکھدیا۔ مگر جس کی مادری زبان عربی ہو۔ وہ اگر بضرورت عبرانی میں کسی کتاب کا ترجمہ کرے گا بھی تو کیا اپنی مادری زبان عربی میں دوسروں سے زبانی بیان بھی نہیں کرے گا۔؟

اس لئے کہ اگر ورقہ ابن نوفل تورات و انجیل کے ماہر تھے۔ تو یقیناً حضرت نوح اور ان کی امت کی پوری داستان سے بھی باخبر تھے۔ اور ان کی وجہ سے مکے والوں میں سے متعدد لوگ ان سے ملنے جلنے والے بھی، ان کی صحبتوں میں بیٹھنے والے بھی، ان ترجموں سے فائدہ اٹھانے والے بھی واقف ہوں گے، قرآن مجید تو صاف طور سے کہہ رہا ہے کہ نہ تم اس وحی سے حضرت نوح اور ان کی امت کے واقعات سے واقف تھے۔ نہ تمہاری قوم واقف تھی۔ مگر یہ روایتیں ارشاد فرما رہی ہیں کہ آنحضرت صلعم کے خاندان ہی کا ایک شخص یہ واقعہ اور اس قسم کے متعدد واقعے اگلی امتوں کے، جو اگلی کتابوں میں مذکور ہیں ان سے اچھی طرح باخبر موجود تھا۔ اور اس کی وجہ سے متعدد لوگ ان واقعات سے اس وحی قرآنی کے نزول کے قبل سے کم و بیش مطلع تھے۔ کیا ایسی خطرناک روایتیں منافقین عجم کی من گھڑت، قرآن و رسول دونوں کی تکذیب و توہین کے لئے مخالفین کی آلہ کار نہیں بن سکتی ہیں؟ اور کیا نہیں بنی ہیں؟ یورپ کے مورخین نے کیا اسی قسم کی روایتوں سے گمراہ کن اور غلط نتائج نہیں نکالے ہیں؟

حقیقت یہ ہے کہ ان روایتوں میں ورقہ بن نوفل کا واقعہ اور رسول اللہ صلعم کا زملونی زملونی کہتے ہوئے غار حرا سے حضرت خدیجہ کے پاس آنے کا واقعہ اور حضرت خدیجہ کا آپ کی تسلی و تسکین کرنے کی داستان، اور آپ کا اپنے کو پہاڑ کی چوٹی پر سے گرانے کا ارادہ یا اپنے کو شاعر یا مجنوں سمجھنے کا بہتان۔ یہ ساری باتیں محض منافقین عجم کی ساختہ و پرداختہ ہیں۔ جس کی غرض عام لوگوں کو منصب نبوت و رسالت کے متعلق شبہات و شکوک میں مبتلا کرنے کے سوا اور کچھ نہیں۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں مسلمانوں کو روایت پرستی کے فتنے سے بچائے اور حق و باطل کے پرکھنے کی توفیق دے۔ واللہ یحق الحق بکلمتہ ولو کرہ المجرمون۔


بی پی
ڈبل روٹی
جسم کو
توانائی
بخشتی
ہے



اسلامی معاشرت
از۔ پرویز قیمت:۔ دو روپے




# بَابُ المُراسلات

## وسیلہ

ایک صاحب سرگودھا سے لکھتے ہیں۔

عرض ہے کہ مندرجہ ذیل آیت قرآنی کا صحیح مطلب مطلوب ہے بالخصوص سے الوسیلہ سے کیا مطلب ہے۔ عوام، صوفیاء اسے مرشد پکڑنے کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ۔

نیز واضح ہے کہ برائے ایصال ثواب مُردے کے تیسرے دن قل کی رسم اور چالیس یوم قبر پر قرآن خوانی اور پھر چالیسواں کیا جاتا ہے۔ اسلام میں ان کی صحیح حقیقت کیا ہے؟

**طلوع اسلام** خدا کے متعلق اسلام نے جو بلند تصور مسلمانوں کو دیا تھا مسلمان زیادہ عرصہ تک اس سے وابستہ نہ رہ سکے اور پھر انہوں نے اپنے انہی تصورات کی طرف رجعت قہقری شروع کردی جن پر وہ ہزارہا سال سے چلے آ رہے تھے۔ اسلام سے پہلے خدا کا تصور بالعموم یہ تھا کہ خدا ایک بادشاہ ہے اور بادشاہوں سے بڑا بادشاہ۔ اس کا بھی ایک دربار ہوتا ہے جس میں وزیر، امیر، مقرب اور ندیم وغیرہ قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ اس نقشہ کے مطابق وہ سمجھتے یہ تھے کہ جس طرح ایک معمولی آدمی کے لئے دنیوی بادشاہوں کے ہاں بغیر ذرائع اور وسائط کے پہنچنا ممکن نہیں ہوتا ایسے ہی خدا تک بھی اس وقت تک رسائی نہیں ہو سکتی جب تک اس کے درباریوں کو ذریعہ اور واسطہ نہ بنایا جائے۔ دنیوی بادشاہ تک پہنچنے کے لئے ایک آدھ ندیم کا ذریعہ کافی ہو جاتا ہے۔ مگر خدا چونکہ بہت بڑا بادشاہ ہے۔ لہٰذا اس تک پہنچنے کے لئے ایک لمبی فہرست کے بغیر کام نہیں چل سکتا۔ سلسلہ بہ سلسلہ اپنے پیر کے ذریعہ سے پیران پیر تک رسائی حاصل کرو۔ اور ان کے ذریعہ رسول تک پہنچو، پھر وہ خدا تک پہنچائے گا۔ حالانکہ یہ تصور بنیادی طور پر قرآن کے خلاف ہے۔ خدا کے متعلق قرآن نے یہ تصور دیا ہے کہ وہ ہر بندہ کے ساتھ ہے (هُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ) وہ تم سے اس قدر قریب ہے کہ خود تمہاری شہ رگ بھی تم سے اتنی قریب نہیں ہے جب کوئی پکارنے والا اسے پکارتا ہے تو وہ اس کی پکار کو سنتا اور اس کا جواب دیتا ہے (أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ) لیکن جیسا کہ اوپر لکھا گیا ہے ہماری پست ذہنیتیں ان بلند تصورات کو زیادہ عرصہ تک اپنا نہ سکیں اور پھر انہی پست تصورات کی طرف پلٹ گئیں۔ جن پر وہ ہزارہا برس سے چلی آ رہی تھیں۔ اتفاق سے قرآن کریم کی ایک آیت میں انہیں وَسِيلَة کا لفظ نظر آگیا۔ جو عجمی زبانوں (اردو، فارسی وغیرہ) میں ذریعہ اور واسطہ کے معنی میں استعمال ہونے لگا تھا۔ انہوں نے قرآن کا لفظ لیا۔ اور اس کے معنی اپنی زبان اور اپنے استعمال کے مطابق کر کے اس پر ایک پوری عمارت کھڑی کر دی۔ وہ قرآن کی آیت یہ تھی۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ (۵/۳۵)

اے ایمان والو! قوانین خداوندی کی نگہداشت کرو اور اس کی طرف "وسیلہ" حاصل کرو۔

وَسِيلَة کے معنی عربی زبان میں رتبہ، درجہ، قرب، اور تعلق نیز قرب حاصل کرنے اور رغبت کے ساتھ کسی چیز کی طرف پہنچنے کے ہوتے ہیں، ذریعے اور واسطے کے نہیں ہوتے۔

آیت کا مطلب یہ ہے کہ خدا کے قوانین کی نگہداشت کرو۔ اور اس طرح اس کے ہاں مدارج و مراتب حاصل کرنے کی کوشش کرو۔ قرآن کریم نے بات ادھوری نہیں چھوڑی تھی بلکہ اس کا طریقہ بھی بتا دیا تھا کہ اس کے ہاں مدارج و مراتب حاصل کیونکر ہوں گے۔ چنانچہ اسی آیت کا اگلا حصہ یہ ہے

وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (۵/۳۵)

یعنی اس کی راہ میں جہاد کرو۔ تاکہ تمہاری کھیتیاں پروان چڑھ سکیں۔

مگر برا ہو ہماری پست ذہنی کا کہ جہاں ہم نے ابتغوا الیہ الوسیلة کے معنی پیر پکڑنے کے کئے۔ تو اس کے ساتھ ہی جاھدوا فی سبیلہ کے معنی میں بھی تحریف کی۔ اور اس کے معنی نفس کشی، مجاہدہ اور چلہ کشی وغیرہ کے کر لئے۔

تصوف کی ساری عمارت قرآنی آیات کی اسی طرح کی رکیک تاویلوں پر قائم ہے۔ آیت مذکورہ بالا میں وَسِيلَة سے مراد خدا کے ہاں مدارج و مراتب حاصل کرنے کے ہیں۔ اور اس کا ذریعہ وہ اعمال صالحہ ہیں جو قرآنی پروگرام کے مطابق قرآنی معاشرے میں کئے جائیں۔ جس کی طرف آیت کے پہلے ٹکڑے نے خود ہی اشارہ کر دیا ہے (اتقوا اللہ) کہ خدائی قوانین کی نگہداشت کرو۔ اس کے علاوہ خدا کے ہاں مراتب حاصل کرنے کا قرآن کی رو سے کوئی ذریعہ نہیں۔ کسی انسان کو خدا تک پہنچانے کا ذریعہ سمجھنا وہ شخصیت پرستی ہے جسے مٹانے کے لئے قرآن آیا تھا۔

(۲) ایصال ثواب کے لئے "قرآنی فیصلے" صفحہ ۹۲ پر لکھا جا چکا ہے۔ وہاں دیکھیے۔

---

## مہر اور متعلقات مہر

ایک صاحب صدر کراچی سے لکھتے ہیں

(۱) کیا نکاح کے لئے مہر ضروری چیز ہے؟

(۲) کیا اس کی کوئی مقدار قرآن شریف یا حدیث کی رُو سے مقرر ہے۔

(۳) اگر کوئی مقدار مقرر نہیں ہے تو کس بناء پر مقرر کیا جائے

(۴) کیا یہ لڑکے یا لڑکی کی حیثیت پر مقرر کیا جاتا ہے۔

(۵) مہر کا مقرر کرنا لڑکی یا لڑکی کے وارثوں کا حق ہے۔ یا اسمیں لڑکے یا لڑکے کے وارثوں کا بھی دخل ہے۔

(۶) عام طور پر دیہات میں مُلّا یہ کہتا ہے کہ بتیس روپے چار آنے شرعی مہر ہے۔ یہ کہاں تک درست ہے

(۷) کیا نکاح کے وقت مہر مقرر کرنے کے بعد کم و بیش ہو سکتا ہے؟ اور اس صورت میں نکاح قائم رہتا ہے یا نہیں جبکہ نکاح (معاہدہ) کی یہ شرط ہو توڑ دی جائے اور پھر مقرر کیا جائے۔ مہربانی فرما کر

زندگی روشنی ہے
اور
آنکھ اس روشنی کا سرچشمہ
اس کی نگہداشت ہر انسان کا فرض اولین ہے
اس فرض کی پورے طور پر سرانجام دہی کے لئے کسی ماہر فن کا مفید مشورہ ہی آپکی صحیح رہنمائی کر سکتا ہے
ایشیاٹک آپٹیکل کمپنی
وکٹوریا روڈ — کراچی
۷۳ ڈلہوزی روڈ — راولپنڈی

قرآن شریف کی رو سے ارشاد فرمائیں۔ اگر کوئی حدیث اس کے موافق یا مخالف ہو تو اس کا بھی ذکر کریں۔

**طلوع اسلام** | قرآن کریم کی رو سے مہر نکاح کے لئے ضروری شرط ہے۔ مہر کا لفظ تو قرآن میں نہیں آیا۔ لیکن اس نے اس کے لئے دوسرے الفاظ استعمال کئے ہیں مثلاً اجور۔ صدقۃ۔ متاعٌ اور اسے مال سے تعبیر کیا ہے مثلاً سورہ نساء میں جہاں نکاح کے احکام آئے ہیں وہاں کہا۔

وَاُحِلَّ لَکُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِکُمْ مُّحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ (۴/۲۴)

تمہارے لئے ان عورتوں کے علاوہ (جن کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے) اور عورتوں سے نکاح جائز ہے۔ بشرطیکہ تم انہیں اپنے مال سے طلب کرو۔ اور اس سے مقصد نکاح کی پابندیاں ہیں نہ کہ محض شہوت رانی۔

(۲) یہ مہر کسی چیز کا معاوضہ نہیں ہوتا۔ بلکہ ایک تحفہ ہوتا ہے جسے خاوند بیوی کو پیش کرتا ہے۔ چنانچہ اسی سورۂ نساء کے شروع میں ہے۔

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً (۴/۴)

تم عورتوں کو ان کے مہر تحفۃً ادا کرو جس طرح شہد کی مکھی بلا کسی معاوضہ کے خیال کے چھتے میں شہد میں جمع کر دیتی ہے۔

(۳) مہر کی کوئی مقدار قرآن نے متعین نہیں کی۔ جو رقم بھی لڑکے اور لڑکی کی باہمی رضامندی سے طے پا جائے وہی مہر ہے۔ لیکن چونکہ یہ رقم وہ ہے۔ جس کا ادا کرنا ضروری ہے۔ اس لئے یہ لامحالہ علیٰ قدر وسعت ہی ہو سکتی ہے۔

عَلَی الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَی الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ (۲/۲۳۶)

اور وسعت کے لحاظ سے یہ دولت کا ڈھیر بھی ہو سکتا ہے۔

جیسا کہ قرآن میں ہے۔

وَاٰتَيْتُمْ اِحْدٰهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا (۴/۲۰)

اگر تم نے اسے ایک ڈھیر بھی دے دیا ہو۔ تو اس سے وہ بھی واپس نہ لو۔

(۴) مہر کی ادائیگی نکاح کے ساتھ ہی ہو جانی چاہیئے لیکن قرآن کی ایک آیت سے یہ مستنبط ہوتا ہے کہ اس میں توقف ہو سکتا ہے۔ لیکن توقف کے معنے یہ ہیں کہ جب بھی عورت مطالبہ کرے اسکو ادا کرنا ہو گا۔ یہ آیت سورہ بقرہ کی ہے۔ جس میں یہ آیا ہے کہ اگر تم عورتوں کو طلاق دے دو۔ قبل اس کے کہ تم نے انھیں ہاتھ لگایا ہو تو اس صورت میں مقررشدہ مہر کا نصف دینا ہو گا۔ (۲/۲۳۷)

(۵) مہر عورت کی ملکیت ہوتا ہے اور کسی کو حق نہیں کہ وہ اسے اس ملکیت سے محروم کر دے۔ البتہ باہمی رضامندی سے اس میں کمی بیشی بھی کی جا سکتی ہے۔ اور چھوڑا بھی جا سکتا ہے۔ مثلاً سورۂ نساء میں ہے۔

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا (۴/۴)

اور عورتوں کو ان کے مہر بطور تحفہ ادا کر دیا کرو لیکن اگر وہ بطیب خاطر اپنی طرف سے تمہیں کچھ چھوڑ دیں تو تم اسے بخوشی لے سکتے ہو۔

اسی طرح (۲/۲۳۷) میں بھی باہمی رضامندی سے کمی بیشی کا ذکر ہے اور (۴/۲۴) میں معاف کر دینے کا بھی۔ لیکن یاد رہے کہ یہ کچھ عورت کی دل کی رضامندی سے ہو گا۔ کسی قسم کے جبر و اکراہ سے نہیں ہو سکتا۔ (۶) اگر کوئی ایسی شاذ صورت پیش آ جائے جس میں مہر مقرر نہ کیا جا سکا ہو۔ تو اسے بعد میں، لڑکے کی وسعت اور معاشرہ کے عام رواج کے مطابق مقرر کر لینا چاہیئے۔ اس کے لئے آیت (۲/۲۳۶) میں تصریح موجود ہے۔

(۷) جسے آجکل شرعی مہر (یعنی بتیس روپے کہا جاتا ہے) وہ محض ایک رواجی چیز ہے۔ بعض علاقوں میں اسے فاطمی مہر بھی کہا جاتا ہے۔ لیکن تاریخ کی رو سے یہ بھی غلط ہے۔ تاریخی شہادت کے مطابق حضرت فاطمہؓ کا مہر قریب چار سو اسی درہم تھا جو بتیس روپے سے کہیں زیادہ بنتا ہے۔

بہرحال جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے قرآن نے اس کی کوئی مقدار متعین نہیں کی ہے۔ باقی رہے وہ لوگ جو نہایت فخر سے لاکھ روپے کا مہر باندھتے ہیں اور یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ اسے دینا تو ہے ہی نہیں تو وہ لوگ خدائی حکم سے مذاق کرتے ہیں۔ اور رسول اللہ صلعم کی ایک حدیث ہے کہ جو شخص مہر باندھے اور نیت یہ رکھے کہ اسے ادا نہیں کرنا، تو وہ زانی ہے۔


طلوع اسلام کثیر تعداد میں شائع ہو کر پاکستان ہندوستان کے علاوہ غیر ممالک میں ہر طبقے کے لوگوں کے پاس جاتا ہے۔ اس میں چھپنے والے اشتہارات ہزاروں خریداروں کی نظروں سے گزرتے ہیں۔

نرخنامہ اشتہارات و تفصیلات ناظم ادارہ شعبہ اشتہارات سے حاصل کیجئے

ناظم ادارۂ طلوع اسلام

پوسٹ بکس نمبر ۳۱۳ ــــــ کراچی

**سّوئیں بنّا نوے**

اشخاص یا ح باسوری تبخیر معدہ (معدہ میں گیس پیدا ہونا) کے مریض ہیں، پاخانہ صاف نہ ہونا، تمام جسم میں درد، سر میں چکر، بھوک غائب ہاضمہ خراب، طبیعت میں بے چینی، سینے میں جلن، خون میں کمی اور نزلہ رہنا۔ اس مرض کی عام شکایات ہیں اس مرض کا حب باسوری اور جوہر ہضم (مکمل کورس) سے زیادہ زود اثر کوئی دوسرا علاج نہیں۔ یہ تمام شکایات کو دور کرکے تندرستی اور توانائی بخشتا ہے قیمت مکمل کورس تین روپے آٹھ آنے۔ طبی علمی ماہنامہ دردمند کراچی سالانہ چندہ ایک روپیہ بھیجکر خریدار بنئے۔

دردمند دواخانہ۔ فریئر روڈ۔ کراچی فون نمبر ۳۵۰۴۱

**قرآنی انقلاب کا لٹریچر**

**معراج انسانیت** (از پرویز) سیرت صاحب قرآن علیہ التحیۃ والسلام کو قرآن کے آئینے میں دیکھنے کی پہلی اور کامیاب کوشش۔ مذاہب عالم کی تاریخ اور تہذیبی پس منظر کے ساتھ ساتھ حضور سرور کائنات کی سیرت اور دین کے متنوع گوشے نکھر کر سامنے آگئے ہیں۔ بڑے سائز کے تقریباً نو سو صفحات۔ اعلیٰ ولایتی گلیزڈ کاغذ مضبوط حسین جلد مع گرد پوش قیمت بیس روپے

**ابلیس و آدم** (از پرویز) سلسلہ معارف القرآن کی دوسری جلد جسے نظر ثانی کے بعد شائع کیا گیا ہے۔ انسانی تخلیق۔ قصۂ آدم جنات ملائکہ۔ وحی وغیرہ جیسے اہم مباحث کی حامل۔ بڑی تقطیع کے ۳۰۶ صفحات ــــــ قیمت آٹھ روپے

**قرآنی دستور پاکستان** اس میں پاکستان کے لئے قرآنی دستور کا خاکہ دیا گیا ہے اور حکومت علماء اور اسلامی جماعت کے مجوزہ دستور پر تنقید کی گئی ہے۔ دو سو چوبیس صفحات ــــــ قیمت دو روپے آٹھ آنے

**اسلامی نظام** اسلامی مملکت کے بنیادی اصول کیا ہیں؟ اور اسلامی نظام کیسے قائم ہو سکتا ہے؟ اس کے جواب میں پرویز اور علامہ اسلم جیراجپوری کے مقالات جنہوں نے فکر و نظر کی نئی راہیں کھول دی ہیں۔ ۱۰۰ صفحات۔ قیمت دو روپے

**سلیم کے نام** (از پرویز) نوجوانوں کے دل میں اسلام سے متعلق جو شکوک پیدا ہوتے ہیں ان کا شگفتہ مدلل اور اچھوتا جواب بڑے سائز کے ۳۰۰ صفحات ــــــ قیمت چھ روپے

**قرآنی فیصلے** روزمرہ کی زندگی کے ساتھ اہم مسائل و معاملات پر قرآن کی روشنی میں بحث ۴۰۰ صفحات ــــــ قیمت چار روپے

**اسباب زوال امت** (از پرویز) مسلمانوں کی ہزار سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ بتایا گیا ہے کہ ہمارا مرض کیا ہے اور علاج کیا؟ ایک سو اٹھائیس صفحات قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے

**جشن نامے** ایسے منظومات کہ جنہیں پڑھ کر ہونٹوں پر مسکراہٹ بھی ہو اور آنکھوں میں آنسو۔ طنز اور تنقید کے گہرے نشتر سات سالہ دور آزادی کی سسکتی ہوئی تاریخ ۱۰۰ صفحات قیمت دو روپے آٹھ آنے

تمام کتابیں مجلد ہیں اور گرد پوش سے آراستہ۔ محصول ڈاک ہر حالت میں بذمہ خریدار


ملنے کا پتہ:- ناظم ادارہ طلوع اسلام۔ پوسٹ بکس نمبر ۳۱۳۔ کراچی

## بین الاقوامی جائزہ

(صفحہ ۶ سے آگے)

سے جو پاسپورٹ جاری ہونگے۔ وہ روس اور ان مشرقی ممالک کے لئے کارآمد ہوں گے جن سے امریکہ کے تعلقات ہیں۔ اب تک امریکنوں کو ان ممالک میں آنے جانے کی اجازت نہیں تھی امریکی حکومت کی دلیل یہ ہے کہ اسے خطرہ تھا کہ کمیونسٹ علاقے میں اس کا شہری محفوظ نہیں۔ ڈلیز نے اس فیصلہ کا اعلان کر کے یہ مطالبہ کیا ہے کہ روس آہنی پردے کو ہٹائے۔ اور اندرون ملک آنے جانے کی آسانیاں مہیا کرے نیز امریکی اطلاعات کو اپنے ہاں نشر ہونے دے اور خود امریکہ میں اس قسم کے مراکز قائم کرلے۔ یہ تجویز بڑی اہم ہے اور اگر واقعی اس پر سمجھوتہ ہو جائے تو امریکہ اور روس میں جو لُجد پایا جاتا ہے۔ اس کے ارتفاع کی مناسب صورت پیدا ہو سکتی ہے لیکن بدقسمتی سے جو لجد پایا جاتا ہے۔ وہی اس راہ میں حائل ہوگا اور اس پر مفاہمت خارج از بحث بنائے گا۔

معاہدہ سیٹو جس میں پاکستان سمیت آٹھ ممالک شریک ہیں۔ ان معنوں میں لباس عمل نہیں پہن سکا کہ اس کے تحت کوئی فوجی تنظیم ابھی تک معرض وجود میں نہیں آسکی حالانکہ خیال یہ تھا کہ یہ معاہدہ ناٹو کی طرز کا ہوگا۔ پچھلے دنوں یہ خیال پیدا ہو گیا تھا کہ کوئی مشترکہ فوجی تنظیم تشکیل نہیں کی جائے گی۔ لیکن اب معلوم ہوتا ہے کہ یہ خیال صحیح نہیں تھا۔ ہالزمولو میں ان دونوں معاہد ممالک کے فوجی مشیر مصروف گفتگو ہیں۔ وہ اپنی سفارشات مکمل کر کے جنوری میں سیٹو کونسل کے سامنے پیش کریں گے اگر واقعی فوجی تنظیم کا فیصلہ کر لیا گیا تو اس معاہدے میں جان پڑ جائیگی اور مشرق بعید کا دفاعی خلا پُر ہو جانے کی امید ہو جانے گی اس سے پاکستان کی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ لیکن یہ اضافہ اس کا ثبوت ہوگا کہ پاکستان کی پوزیشن اس علاقے میں کتنی اہم ہے۔



## اعجاز القرآن

از علامہ تمنا عمادی مدظلہ

جس میں مختلف جہات سے قرآن کے اعجاز پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔ اس کی چند اقساط ماہوار طلوع اسلام میں آپ ملاحظہ فرماچکے ہیں ۔ ناظرین کے مسلسل اصرار پر اب اسے کتابی شکل میں شائع کیا گیا ہے ۔

جن حضرات کی رقوم ادارہ کے پاس جمع ہے انہیں آرڈر دینے کی ضرورت نہیں ان کی خدمت میں یہ کتاب نومبر کے پہلے ہفتہ میں خود بھیجدی جائیگی ۔ البتہ ان میں سے جو حضرات یہ کتاب نہ منگانا چاہیں وہ ۱۵ نومبر سنہ ۱۹۵۵ء تک مطلع فرمادیں ۔

سائز ۸/۳۰×۲۰ ضخامت ۱۱۲ صفحات
قیمت غیر مجلد ایک روپیہ آٹھ آنے
علاوہ محصول ڈاک

## تاریخ الامت

علامہ اسلم جیراجپوری مدظلہ کی تاریخ کی وہ بے مثل کتاب جو تقسیم سے پہلے بیشتر درسگاہوں میں بطور نصاب شامل تھی ۔ اب مولف کی اجازت سے طلوع اسلام نے اسے دوبارہ چھاپا ہے ۔

قیمت حصہ اول (سیرت رسول اللہ صلعم)
دو روپے ۔

قیمت حصہ دوم (خلافت راشدہ)
دو روپے آٹھ آنے ۔

کتاب آٹھ حصوں پر مشتمل ہے ۔ باقی حصے عنقریب شائع ہو جائینگے ۔

## ابلیس و آدم

سب سے پہلا انسان کس طرح معرض وجود میں آیا؟ آدم اور خلافت آدم کا مفہوم کیا ہے ۔ ابلیس کیا ہے اور آویزش ابلیس و آدم کیا؟ وحی کیا ہے اور وحی نے انسان کو کیا عطا کیا؟ ان سوالات کے قرآنی جوابات اس کتاب میں دیکھئے ۔

صفحات ۳۷۶ قیمت آٹھ روپے

## اقبال اور قرآن

اقبال نے قرآنی انقلاب کی آواز سے فضا کو معمور کیا ۔

قرآن کیا کہتا ہے اور اقبال کا پیغام کیا ہے ؟

ان کے جوابات مفسر قرآن اور ترجمان اقبال پرویز سے سنئے ۔

ضخامت ۲۵۶ صفحات قیمت دو روپے

ناظم ادارہ طلوع اسلام ۔ پوسٹ بکس نمبر ۷۲۱۳ ۔ کراچی ۔ ۳

# قرآن کی روسے

تربیت نفس صرف اس معاشرہ میں ہوسکتی ہے جس میں تمام افراد ربوبیت عامہ کیلئے مصروف جدوجہد رہیں۔

## اس کے نزدیک اعمال حسنہ

کے زندہ نتائج اس دنیا کی خوش حالیوں اور خوش گواریوں کی شکل میں سامنے آجاتے ہیں۔ جن

## اعمال کا نتیجہ

## اس دنیا کی کامرانی نہیں وہ قیامت

## میں بھی کوئی وزن نہیں رکھتے

لہذا

## تربیت نفس

ساپنے کا پیمانہ یہ ہے کہ

## ہماری دنیا کسقدر حسین بنچکی ہے۔

## کیا ہماری دنیا واقعی حسین بن سکتی ہے؟

اس کیلئے ملاحظہ کیجئے۔

# ☆ نظام ربوبیت ☆

(از۔ پرویز)

دور حاضرہ کی عظیم کتاب

قسم اول۔ کاغذ سفید کرنا فلی۔ جلد مضبوط مع گرد پوش چھ روپے۔

قسم دوم۔ کاغذ میکانیکل۔ صرف ڈسٹ کور کے ساتھ چار روپے۔

ناظم ادارہ طلوع اسلام۔ پوسٹ بکس نمبر ۷۳۱۳ ۔ کراچی۔۳

Title Printed at Mueid Art Press, Thathai Compound, Bunder Road, Karachi. Text at Jawed Press, McLeod Road, Karachi. Published by Khurshid Alam from Tolu-e-Islam Office, 207/A, P. E. C. H. Society, Karachi.
Editor: KHURSHID ALAM